Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات، 04 جون 2026، 18 ذوالحجہ 1447ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 53

امریکہ نے پاکستان سمیت 60 ممالک پر 12.5 فیصد تک نیا ٹیرف عائد کر دیا

سپریم کورٹ کی جانب سے رواں سال فروری میں ٹرمپ انتظامیہ کے کئی سابقہ محصولات کو منسوخ کیے جانے کے بعد یہ دوسرا موقع ھے

ٹیرف پالیسی کی زد میں آنے والے 60 تجارتی شراکت داروں کی فہرست میں پاکستان اور بھارت کے علاوہ برطانیہ، یورپی یونین، کینیڈا اور جاپان جیسے بڑے اور اہم ترین امریکی تجارتی پارٹنرز شامل ہیں

اسلام آباد/نیو یارک (یواین پی) امریکہ نے پاکستان اور بھارت سمیت دنیا کے 60 اہم تجارتی شراکت دار ممالک پر 10 سے 12.5 فیصد تک نئے درآمدی ٹیکسز یعنی ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کر دیا، یہ سخت فیصلہ ان ممالک کی جانب سے جبری مشقت کے خلاف مؤثر قوانین بنانے اور ان پر عملدرآمد کروانے میں ناکامی کے باعث سامنے آیا، جس سے عالمی تجارت پر گہرے اثرات (بقیہ نمبر 1)

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان، وائس چانسلر ڈاکٹر بشریٰ مرزا کے ہمراہ فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں۔

آئی جی پنجاب نے وارڈنز کو بیچ سڑک گاڑیاں روک کر چالان کرنے سے روک دیا

ٹریفک کی روانی متاثر کرنے پر اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی وارننگ

آئی جی عبدالکریم نے سی ٹی اوز کو نئی ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کا حکم دے دیا

لاہور (یواین پی) آئی جی پنجاب عبدالکریم نے سڑکوں پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کو بلاوجہ کی پریشانی سے بچانے کے لیے صوبے بھر کے ٹریفک وارڈنز کو بیچ سڑک میں گاڑیاں روک کر چالان کرنے سے سختی سے روک دیا۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 2)

عمران خان کی مقبولیت ختم، وہ رہا ہو جائیں حقیقت سب کے سامنے آجائے گی

جیل میں رکھ کر غیر ضروری طور پر ایک تاثر پیدا کیا جا رہا ہے اس لیے انہیں باہر آنا چاہیے' وزیر صحت پنجاب

لاہور (یواین پی) وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کی عوامی مقبولیت ختم ہو چکی ہے میں چاہتا ہوں عمران خان کل نہیں بلکہ آج ہی رہا ہو جائیں تاکہ ان کی مقبولیت اور سیاسی (بقیہ نمبر 5)

پنجاب میں غنڈہ ایکٹ 1959 کی جگہ نیا سخت قانون لانے کا فیصلہ

صوبائی کابینہ نے نئے قانون کی منظوری دے دی، جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیے جانے کا امکان

لاہور (یواین پی) پنجاب حکومت نے غنڈہ گردی، بھتہ خوری اور گینگ سرگرمیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے پرانے غنڈہ ایکٹ 1959 کی جگہ نیا سخت قانون متعارف کرانے کی تیاری (بقیہ نمبر 4)

غیر نمونہ نمبر پلیٹس کیخلاف کریک ڈاؤن، 2279 گاڑیوں کے خلاف کارروائی

دو روزہ مہم میں چالان، مقدمات اور ایجوکیشن وارننگز، جعلی نمبر پلیٹس پر سخت کارروائی کا اعلان

لاہور (یواین پی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں غیر نمونہ نمبر پلیٹس کے خلاف مہم کے دوران 2279 ڈیمکلو کیخلاف کارروائی کی گئی۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق دو روز میں بغیر، غیر نمونہ و اپلائیڈ فار (بقیہ نمبر 3)

پنجاب کا کاشتکار اب کسی آڑھتی کا مقروض نہیں ہوگا، سر اٹھا کر جیئے گا، پنجاب کے کاشتکار کو مالی خودمختاری اور خوشحالی کی راہ پر دیکھنا میرا خواب ہے

پنجاب کے کاشتکار کی قسمت بدل گئی

کاشتکاروں نے کسان کارڈ کے ذریعے 2 ارب 54 کروڑ روپے کے لون استعمال کیے، گندم سیزن میں کاشتکاروں کی 100 ارب کے زرعی مداخل کی خریداری

کسان کارڈ کے ذریعے خریف کی فصل کے زرعی مداخل کیلئے 90 ارب روپے کاشتکاروں کو مل گئے، 3 لاکھ کاشتکاروں نے 30 ارب کے زرعی مداخل کسان کارڈ کے ذریعے حاصل کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق زراعت میں انقلاب کے لئے کاشتکاروں کو کسان کارڈ ریکارڈ تعداد میں جاری کیے جا چکے ہیں۔ صوبہ بھر میں پہلی مرتبہ 8 لاکھ 32 ہزار سے زائد کاشتکاروں کو کسان کارڈ جاری کیے گئے۔ کسان کارڈ کے ذریعے 832,000 کاشتکاروں نے مجموعی طور پر 2 ارب 54 کروڑ روپے کے لون استعمال کیے ہیں۔ گندم کے سیزن میں کاشتکاروں نے وزیر (بقیہ نمبر 6)

معروف صنعت کاروں اور نامور تاجروں کے ایک وفد نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

لاہور، ڈیفنس میں ایک کروڑ سے زائد مالیت کی چوری میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

لاہور (یواین پی) ڈیفنس سی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی چوری کا سراغ لگا لیا اور واردات میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ (بقیہ نمبر 22)

مبینہ پولیس مقابلے میں پولیس فورس پر فائرنگ کرنیوالا ملزم زخمی حالت میں گرفتار

جوابی کارروائی اور فائرنگ کے تبادلہ میں ملزم کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف

سرگودھا (یواین پی) مبینہ پولیس مقابلے میں پولیس فورس پر فائرنگ کرنے والے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جس کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ کے قصبہ چناب نگر کے علاقہ احمد نگر (بقیہ نمبر 23)

گلگت بلتستان میں نواز شریف کی آمد نے سیاسی فضا بدل دی، عوام کا رجحان مسلم لیگ (ن) کی جانب ہے

گلگت بلتستان کے عوام ترقی، خدمت اور استحکام کے لیے مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کر رہے ہیں

7 جون کو گلگت بلتستان میں شیر کی کامیابی واضح نظر آ رہی ہے: عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں آئندہ انتخابات کے حوالے سے عوام میں غیر معمولی جوش وخروش پایا جا رہا ہے اور سیاسی سرگرمیاں اپنے عروج پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی گلگت بلتستان آمد نے وہاں کے سیاسی منظرنامے کو یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ گلگت میں میاں نواز شریف (بقیہ نمبر 7)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر راولپنڈی میں محرم الحرام کے دوران امن وامان، بین المذاہب ہم آہنگی اور انتظامی امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اربوں کے ٹراما سینٹر کا انتظار چھوڑیں ٹی ایچ کیو کی اپ گریڈیشن ہی سستا اور فوری حل ہے

جی ٹی روڈ پر سسکتی زندگیوں کو ٹراما سینٹر نہیں، ہسپتال میں عملہ اور مشینری چاہیے نمائندگان خواب غفلت سے جاگیں

ریفر کا ڈیتھ وارنٹ ختم کریں سی ایم پنجاب سے امید سحر ہسپتال کی اپ گریڈیشن سیاسی وعدہ نہیں زندگی اور موت کا مسئلہ بن گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان کے لاکھوں عوام کے لیے صحت کی سہولیات کا حصول ایک ایسا خواب بن چکا ہے جس کی تعبیر حکومتی فائلوں میں گم ہے۔ جی ٹی روڈ پر واقع تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اس وقت شدید بحران کا شکار ہے، جہاں علاج کے نام پر مریضوں کو صرف ریفرل سلپ تھما دینا ڈاکٹرز کی مجبوری ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت کو ایک حقیقت پسندانہ تجویز دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی: اجلاس ہمدرد شوریٰ کے موقع پر اسپیکر امتیاز حیدر، نعیم اکرم قریشی، حکیم بشیر بھیروی، نسیم سحر، ڈاکٹر فرحت عباس، سلمیٰ قاصر، اقبال ناصری، انجینئر مظفر اقبال، ڈاکٹر محمود الرحمٰن، امان اللہ نیازی اور سید کاشف امام کا گروپ فوٹو

سیف سٹی کیمروں سے وارڈن کو کچلنے کی کوشش کرنیوالی گاڑی گلبرگ سے پکڑی گئی

لاہور (یواین پی) ٹریفک وارڈن کو کچلنے کی کوشش کے ہٹ اینڈ رن واقعے میں ملوث گاڑی کو سیف سٹی کیمروں کی مدد سے (بقیہ نمبر 25)

فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں اے آئی لرننگ سینٹر کی افتتاحی تقریب منعقد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی (FJWU) کی مرکزی لائبریری میں اے آئی لرننگ سینٹر کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی پارلیمانی سیکریٹری برائے اطلاعات و ثقافت پنجاب، (بقیہ نمبر 26)

چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی کا نیو مری پتریاٹہ بازار اور ٹرانسپورٹ اڈوں کا دورہ

رانگ پارکنگ اور زائد کرایہ وصولی کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے نیو مری پتریاٹہ بازار، مرکزی شاہراہوں اور پبلک ٹرانسپورٹ اڈوں کا دورہ کیا اور ٹریفک کی روانی، پارکنگ انتظامات اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے (بقیہ نمبر 27)

فائلز کے چکر اور لمبی لائنوں کا خاتمہ، یکم جولائی سے پاسپورٹ سیدھا آپ کے گھر پہنچے گا

ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹ محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹس کی ہوم ڈیلیوری سروس کا باقاعدہ اعلان کر دیا

پاسپورٹ کی ترسیل کے ذمہ دار متعلقہ کورئیر کمپنیوں کو سخت وارننگ اور بروقت ڈیلیوری کی ہدایات

اسلام آباد (این ای این) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) امیگریشن اینڈ پاسپورٹ محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹس کی ہوم ڈیلیوری سروس کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹ محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹ سیکشنز کا ایک خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے خود وہاں موجود شہریوں سے براہ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل و شکایات کو تفصیل سے سنا، انہوں نے موقع پر ہی موجود حکام کو شہریوں کے مسائل فوری طور پر حل کرنے کی سخت ہدایات بھی جاری کیں، دورے کے دوران عوام کو درپیش شدید مشکلات کا (بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کا تحصیل ساہیوال کا تفصیلی دورہ

عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، صحت، صفائی اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے تحصیل ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف ترقیاتی منصوبوں، صحت، صفائی اور عوامی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر 8)

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان، وائس چانسلر ڈاکٹر بشریٰ مرزا کے ہمراہ فاطمہ جناح یونیورسٹی راولپنڈی میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے حوالے سے منعقدہ سیمینار کے موقع پر گروپ فوٹو۔

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی جنیوا میں 114 ویں بین الاقوامی لیبر کانفرنس میں شرکت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) جنیوا، سوئٹزرلینڈ: * وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین نے جنیوا میں منعقد ہونے والی 114 ویں بین الاقوامی لیبر کانفرنس (ILC) کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کی۔ اس کانفرنس میں دنیا بھر سے حکومتوں، آجر تنظیموں اور مزدور نمائندوں نے شرکت کی، جہاں محنت، (بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین سعودی عرب کے نائب وزیر برائے انسانی وسائل وسماجی ترقی عزت مآب طارق الحمد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

بحرالکاہل میں ایل نینو سرگرم ہو رہا ہے، جس کے اثرات دنیا بھر کے موسموں پر پڑتے ہیں

جس کے باعث پاکستان میں معمول سے کم بارشیں ہو سکتی ہیں، حکام

اسلام آباد (یواین پی) محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ بحرالکاہل میں ایل نینو سرگرم ہو رہا ہے، جس کے اثرات دنیا بھر کے موسموں پر پڑتے ہیں۔ محکمہ موسمیات (بقیہ نمبر 9)

ایرانی حملوں کے بعد ایرانی وزیر خارجہ عراقچی کا فیلڈ مارشل عاصم منیر اور 6 ممالک سے رابطہ

مختلف ممالک کے اعلیٰ حکام سے رابطے کر کے خطے کی تازہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا ہے

تہران/اسلام آباد (یواین پی) ایران کی جانب سے خلیجی خطے میں حالیہ ڈرون اور میزائل حملوں کے بعد سفارتی سرگرمیوں میں تیزی آگئی، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بھی رابطہ کیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایرانی (بقیہ نمبر 20)

مارکیٹوں کے اوقات کار میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری

شادی ہالز، کمرشل ایونٹس یعنی تقریبات کے مقامات اور مارکیز پر اوقات کار میں توسیع کا یہ ریلیف لاگو نہیں ہوگا

نئے اوقات کار کی باقاعدہ منظوری کے بعد کابینہ ڈویژن سرکاری نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (یواین پی) ملک بھر میں جاری توانائی بچت مہم کے تحت وزیراعظم شہباز شریف نے دکانوں، مارکیٹوں اور کاروباری مراکز کے بند ہونے کے نئے اوقات کار کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے، جس کے بعد کابینہ ڈویژن نے اس کا سرکاری نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے ملک میں بڑھتی ہوئی گرمی اور طویل دن کے پیش نظر تاجروں اور عوام کو ریلیف (بقیہ نمبر 11)

ہسپتال انتظامیہ اور عملہ ڈیوٹی کی پابندی کو ہر صورت یقینی بنائے، اے سی کمالیہ

دورے کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کا حاضری رجسٹر چیک کیا

کمالیہ (یواین پی) اسسٹنٹ کمشنر ارم شہزادی کا رورل ہیلتھ سنٹر 740 گ ب کا اچانک دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ ارم شہزادی نے رورل ہیلتھ سنٹر چک نمبر 740 گ ب کا اچانک معائنہ کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی (بقیہ نمبر 19)

وزیر توانائی کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو تادیبی کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے ملک کی تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (بقیہ نمبر 13)

سہیل آفریدی کا 10 جون کو قومی اسمبلی کے سامنے دھرنے کا اعلان

عمران خان سے بجٹ پر مشاورت کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے صوبائی بجٹ کی تیاری اور پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی کے بانی عمران خان کی صحت کے معاملے پر اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے صوبے کا نیا بجٹ پیش کرنے سے قبل (بقیہ نمبر 12)

مری: حج سے واپسی پر ڈپٹی کمشنر مری، جناب آغا ظہیر عباس شیرازی کا پرتپاک استقبال، ہارون اکبر سنگھلا، انفورسمنٹ آفیسر پنجاب ریونیو اتھارٹی مری، کی جانب سے گلدستہ پیش کیا گیا

محرم الحرام پر امن انعقاد کے لیے ضلعی امن کمیٹی و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) راولپنڈی میں محرم الحرام کے دوران امن وامان، بین المذاہب ہم آہنگی اور انتظامی امور کا جائزہ لینے کے لیے ضلعی امن کمیٹی و بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں امن کمیٹی، بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے اراکین، متعلقہ محکموں کے افسران اور دیگر اسٹیک (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی میں ملاوٹی دودھ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

2800 لیٹر دودھ تلف، 50 ہزار روپے جرمانہ عائد

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے عوام کو خالص اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے موٹروے ٹول پلازہ پر ناکہ بندی کے دوران ایک بڑی کارروائی میں 2 ہزار 800 لیٹر پانی ملا دودھ تلف کر دیا جبکہ ناقص دودھ سپلائی کرنے والی گاڑی کے (بقیہ نمبر 14)

کراچی میں رات گئے مبینہ مقابلے، 8 زخمیوں سمیت 11 ملزم گرفتار

شاہ لطیف پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا

کراچی (یواین پی) کراچی کے علاقوں میں رات گئے پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد آٹھ زخمیوں سمیت گیارہ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ شاہ لطیف پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، ملزم کا ساتھی (بقیہ نمبر 18)

عوامی سہولت اور جدید انفراسٹرکچر کی جانب اہم پیش رفت

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) عوامی سہولت، شہری تحفظ اور جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی کے لیے واسا مری نے ایک اور اہم اور دوررس اقدام اٹھاتے ہوئے جدید طرز کے مضبوط ڈرین کورز کی تنصیب کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ منصوبہ ڈپٹی کمشنر مری کی خصوصی ہدایات اور مینیجنگ ڈائریکٹر واسا مری کی نگرانی میں جاری ہے، جس (بقیہ نمبر 16)

پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موٹروے ٹول پلازہ پر 2 ہزار 800 لیٹر پانی ملا دودھ تلف کر رہی ہے۔

چوہدری شبیر، وزیر اعظم آزاد کشمیر کے اعزازی سیاسی ایڈوائزر برائے برطانیہ مقرر

تجاویز حکومتی سطح تک پہنچانے کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے

کھوئی رٹہ (یواین پی) پی پی پی برمنگھم کے سینئر نائب صدر چوہدری شبیر، وزیراعظم آزاد کشمیر کے اعزازی سیاسی ایڈوائزر برائے برطانیہ مقرر برطانیہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے متحرک رہنما اور پی پی پی برمنگھم کے سینئر نائب صدر چوہدری شبیر کو (بقیہ نمبر 17)

ABC عوام کی بے ساختہ للکار WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاکستان-یورپی یونین سٹریٹجک ڈائیلاگ کا آٹھواں دور

پاکستان اور یورپی یونین نے سوموار کو اسلام آباد میں منعقدہ آٹھویں پاکستان-یورپی یونین سٹریٹجک ڈائیلاگ کے دوران تعاون کے وسیع امکانات کو اجاگر کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو ایک جامع اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ برائے خارجہ امور و سلامتی پالیسی اور نائب صدر یورپی کمیشن کاجا کالاس کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس مذاکراتی عمل کو پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان اعلیٰ ترین ادارہ جاتی فورم قرار دیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ یورپی یونین پاکستان کے بڑے تجارتی شراکت داروں میں شامل ہے اور جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تعاون کو فریقین کے لیے سودمند قرار دیا۔ اسحاق ڈار اور کاجا کالاس نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا جن میں امریکا-ایران تنازعہ، جنوبی ایشیا کی سلامتی کی صورتحال، افغانستان، یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کے معاملات شامل تھے۔ وزیر خارجہ نے بھارت کی بلااشتعال جارحیت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مسئلہ جموں وکشمیر پر پاکستان کے اصولی موقف کا اعادہ کیا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق پاکستان کا موقف ثالثی عدالت کے اضافی فیصلے کے بعد درست ثابت ہوا جس میں واضح کیا گیا کہ معاہدہ مغربی دریاو?ں پر بھارت کی آبی کنٹرول کی صلاحیت پر بنیادی حدود عائد کرتا ہے۔ اپنے خطاب میں کاجا کالاس نے پاکستان کو ایک اہم علاقائی طاقت اور یورپی یونین کا اہم شراکت دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ یورپی یونین پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے اور پاکستان یورپی یونین کے جی ایس پی پلس پروگرام سے سب سے زیادہ فائدہ اٹھانے والا ملک ہے۔ کاجا کالاس نے امریکا اور ایران کے درمیان پاکستان کی ثالثی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات نے مکمل جنگ کے خدشے کو ٹالنے میں مدد دی۔ انھوں نے کہا کہ یورپی یونین ایک پائیدار اور پرامن حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ افغانستان کی صورتحال کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے عوام اور اپنی سرزمین کے دفاع کا حق حاصل ہے۔ دونوں رہنماو ?ں نے تجارت، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کی صلاحیت، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، صاف توانائی، ہجرت، نقل وحرکت اور عوامی روابط، بالخصوص ایراسمس منڈس سکالرشپ پروگرام کے ذریعے پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ مذکورہ اجلاس میں شرکت کے علاوہ کاجا کالاس نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اور وزیراعظم سے الگ الگ ملاقاتیں بھی کیں۔

کلیان پور بجٹ اور نادان بچے

تحریر: عبداللہ طارق

بجھا رہے ہیں خود اپنے ہاتھوں محبتوں کے دیئے جلا کر جیسا ناقابل یقین حد تک دلوں پر اثر کرنے والا گیت گانے والی گلوکارہ سمن کلیانپور 89 سال کی عمر میں چل بسیں۔ وہ اپنی ہم عصر اور ''ہم اثر'' آشا بھوسلے کی طرح 92 سال کی عمر نہ پا سکیں، تین سال کم رہ گئے۔ آپ پوچھیں گے، معاصر تو وہ لتا منگیشکر کی بھی تھیں، پھر تنہا آشا کا ذکر کیوں کیا۔ یہ سطریں سمن کلیانپور کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے نہیں لکھ رہا، قسمت کی جس ستم ظریفی کا ذکر کرنے کیلئے لکھ رہا ہوں، وہ اسی سوال کے گرد گھومتی ہے۔ سمن کلیانپور کے بارے میں برصغیر کے سبھی اہل فن اور فن شناس حضرات کا اتفاق رائے ہے کہ وہ ہر لحاظ سے آشا کے ہم پایہ تھیں اور ان کی آواز، اس کی کھرج، اس کا سوچ، سر، تان، لے ہر لحاظ سے دونوں ''جڑواں'' تھیں، لیکن ساری شہرت آشا کو ملی، سمن بہت پیچھے رہ گئیں اور ستم ظریفی نے یہ کمال بھی کر دکھایا کہ سمن کے گائے ہوئے بہت سے گانے آشا کے گائے گئے سمجھے گئے۔ کہیں کہیں تو وہ آشا سے بھی آگے نکل جاتیں جیسے کہ ان کا ایک مشہور گیت جو موسیقار ''روی'' نے بنایا، ایسا تھا کہ شاید آشا ویسا نہ گا سکتیں جیسا سمن نے گا دیا، یعنی: اب تو آنکھ لڑ چکی، بات بڑھ چکی مطلب یہ نہیں کہ آشا نے کوئی سازش کی، بلکہ یہ کہ قسمت کی ستم ظریفی کے ڈھنگ نرالے ہیں۔ قسمت کی یہ ستم ظریفی صرف سمن ہی کے ساتھ نہیں ہوئی، آشا اور لتا کی دو بہنوں اوشا اور مینا، نیز ان کے بھائی ہردے ناتھ کے ساتھ بھی ہوئی۔ ''ایلم چیلم'' والا گیت یاد ہوگا۔ سو فیصد آشا بھوسلے کی آواز، بہت مقبول ہوا تھا لیکن یہ آشا نے نہیں، ان کی چھوٹی بہن اوشا منگیشکر نے گایا تھا۔ اور بھی کئی یادگار گیت گائے لیکن ان کا نام کبھی پیش منظر میں جگمگا نہ سکا۔ اوشا 90 سال کی عمر میں آج بھی زندہ ہیں۔ لتا اور آشا کے گھنے سائے میں اوشا پنپ سکیں نہ مینا منگیشکر جو بعدازاں مینا کھاڈیکر بن گئیں۔ وہی مینا جن کے گانے ارے کوئی جائے، پیا کو بلانے نے کبھی دھوم مچا دی تھی۔ ہردے ناتھ منگیشکر بچپن میں خوب چمکے لیکن پھر ماند پڑ گئے۔ آج بھی گلوکاری کرتے ہیں لیکن مراٹھا زبان کے ہو کر رہ گئے۔ قسمت کی تقسیم کا نظام بھی نرالا ہے۔ کوئی شخص ایک خاص قابلیت رکھتا ہے تو یہ خاص جوہر والا ڈی این اے اس کی ساری اولاد میں منتقل ہو جائے، ایسا تو کم ہوتا ہے۔ لیکن پنڈت دینا ناتھ منگیشکر کا ڈی این اے اس کی ساری اولاد کو منتقل ہوا۔ دینا ناتھ اپنے دور کے بہت بڑے ووکلسٹ، میوزک ڈائریکٹر، گلوکار اور اداکار تھے۔ ان کی چاروں بیٹیوں اور ایک بیٹے نے باپ کا سارا جینیاتی ورثہ پایا، یہاں تک کہ شکلیں بھی اتنی مشابہ جیسے سب جڑواں ہوں۔ فرق آیا تو شہرت والے ستارے کے چھوٹے بڑے ہونے میں آیا۔ بجٹ آ رہا ہے، بس دو تین دن ہی رہ گئے۔ خبریں ہیں کہ تاریخ کا یہ سب سے ڈراؤنا بجٹ ہوگا۔ کون بنا رہا ہے، پتہ نہیں۔ نادر شاہ درانی کا نام بھی سننے میں آ رہا ہے اور احمد شاہ ابدالی کا بھی، واللہ اعلم، ''لیک'' ہونے والی خبروں میں ایک یہ بھی ہے کہ بجٹ میں سولر پینل پر بھی ٹیکس لگیں گے۔ کتنے، یہ ابھی واضح نہیں۔ بہرحال وسیع تر قومی مفاد میں ایک تجویز دینا چاہتا ہوں۔ یہ کہ سولر پینل رکھنے والوں پر دو دو ٹیکس لگائے جائیں۔ ایک جرمانہ ٹیکس کہ سولر پینل لگوائے تو لگوائے کیوں، اب جرمانہ بھرو۔ کم سے کم جرمانہ فی پینل ایک لاکھ روپے ہونا چاہیے۔ دوسرا ٹیکس اس پر کہ چلو، اب لگوا ہی لیا ہے تو دھوپ استعمال کرنے کا ماہانہ ٹیکس بھی بھرو۔ یہ ٹیکس بھی فی پینل ایک لاکھ روپے سے کم کا نہیں ہونا چاہیے۔ آئی پی پیز کی غریب مسکین بندہ پرور برادری کو ''سہانے'' کے جرم میں سچ پوچھئے تو یہ سزا بھی کم ہے۔ لیکن کیا کیجئے، وزیراعظم غریب پرور ہیں۔ ہر وقت غریبوں کو ریلیف دینے کے غم میں دبلے ہوئے جاتے ہیں، اس لئے تجویز کی ''شرح'' کم رکھی ہے، اتنی نہیں رکھی جتنی رکھی جانی چاہیے تھی۔ بہت سے لوگوں نے اپنی موٹر سائیکلیں گھروں میں کھڑی کر دی ہیں اور اب پیدل آتے جاتے ہیں۔ خصوصاً پنجاب میں۔ اس لئے کہ ایک تو پیٹرول بہت مہنگا ہو گیا، اوپر سے ٹریفک چالان پیٹرول سے بھی مہنگے۔ ایک ناکے پر ایک چالان، دوسرے ناکے پر دوسرا اور تیسرے پر تیسرا اوپر سے ٹریفک پولیس سے ٹھکائی مارکٹائی اور برسر سڑک رسوائی الگ۔ بہرحال، لوگ زیادہ پیدل چلیں گے تو فٹ پاتھ زیادہ گھسیں گے۔ چنانچہ تجویز ہے کہ ایک نیا سڑک گھسائی ٹیکس بھی ہر پیدل چلنے والے پر لاگو کیا جائے۔ اس سے وسیع تر قومی مفاد کو مناسب تقویت ملے گی۔ اسلام آباد میں دو امیرزادوں نے ریس لگاتے ہوئے چار راہگیروں کو کچل کر ہلاک کر ڈالا۔ چار کو زخمی کیا اور چھ گاڑیاں تباہ کر دیں اور فرار ہو گئے۔ ناداں بچے___ فرار ہونے کی ضرورت ہی کیا تھی۔

کیا ہمارا خطہ پھر آگ کی طرف بڑھ رہا ہے؟

تحریر: محمد اکرم چوہدری

دنیا اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑی ہے جہاں فیصلے چند دارالحکومتوں میں ہوتے ہیں لیکن ان کے اثرات کروڑوں عام لوگوں کی زندگیوں پر پڑتے ہیں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں دنیا بھر میں ہونے والی سفارتی ملاقاتوں، فوجی رابطوں، علاقائی اتحادوں اور سیاسی بیانات نے ایک بار پھر یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ کیا دنیا ایک نئے طاقت کے کھیل کی طرف بڑھ رہی ہے؟ اور اگر ایسا ہے تو اس کا سب سے زیادہ نقصان کس کو ہوگا؟ اس سوال کا جواب بہت سادہ ہے۔ نہ روس کو، نہ امریکہ کو، نہ چین کو، نہ بھارت کو، نہ کسی اور طاقتور ملک کو۔ سب سے زیادہ قیمت ہمیشہ عام لوگ ادا کرتے ہیں۔ وہ کسان جو اپنی زمین پر محنت کر رہا ہوتا ہے، وہ مزدور جو اپنے بچوں کے لیے رزق کمانے نکلتا ہے، وہ طالب علم جو بہتر مستقبل کا خواب دیکھتا ہے، وہ ماں جو اپنے بچوں کو امن میں پروان چڑھتے دیکھنا چاہتی ہے، اور وہ نوجوان جو روزگار کی تلاش میں سرگرداں ہوتا ہے۔ آج پاکستان، افغانستان، ایران، بھارت، چین اور روس ایک ایسی جغرافیائی پٹی میں موجود ہیں جو دنیا کی سب سے اہم سیاسی اور تزویراتی پٹی بن چکی ہے۔ یہاں ہونے والی ہر تبدیلی پوری دنیا پر اثر ڈالتی ہے۔ افغانستان میں طالبان حکومت کے قیام کے بعد خطے میں طاقت کا توازن مسلسل تبدیل ہو رہا ہے۔ روس اور افغانستان کے درمیان بڑھتے ہوئے روابط نے کئی نئے سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ بعض اطلاعات اور تجزیوں کے مطابق روس افغانستان کے ساتھ اپنے سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا چاہتا ہے۔ طالبان حکومت بھی عالمی تنہائی سے نکلنے کے لیے نئے دوست اور نئے راستے تلاش کر رہی ہے۔ یہاں سوال یہ نہیں کہ روس اور افغانستان قریب کیوں آ رہے ہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ اس قربت کا نتیجہ کیا نکلے گا؟ اگر یہ تعلقات تجارت، امن، ترقی، دہشت گردی کے خاتمے اور علاقائی تعاون کے لیے ہیں تو پورا خطہ اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ لیکن اگر یہ تعلقات کسی نئے فوجی بلاک، نئی سرد جنگ یا نئی پراکسی جنگ کی بنیاد بنتے ہیں تو نقصان ایک بار پھر عوام کا ہوگا۔ افغانستان کی تاریخ ہمارے سامنے ہے چالیس سال سے زیادہ عرصے تک افغان سرزمین عالمی طاقتوں کے کھیل کا میدان بنی رہی۔ کبھی سوویت یونین آیا، کبھی امریکہ آیا، کبھی نیٹو آیا، کبھی مختلف گروہوں کو استعمال کیا گیا۔ ہر طاقت اپنے مقصد کے لیے آئی اور چلی گئی لیکن افغان عوام کے حصے میں صرف تباہی آئی۔ کابل کے ملبے، قندھار کی ویرانی، جلال آباد کے زخم اور ہزاروں بے گناہ جانوں کی قربانی آج بھی دنیا کے ضمیر پر سوال ہیں۔ پاکستان بھی اس جنگ سے محفوظ نہیں رہا۔ لاکھوں مہاجرین آئے۔ دہشت گردی نے ملک کو اپنی لپیٹ میں لیا۔ معیشت کو نقصان پہنچا۔ ہزاروں فوجیوں، پولیس اہلکاروں اور عام شہریوں نے جانیں قربان کیں۔ آج بھی پاکستان کے عوام امن چاہتے ہیں وہ نہیں چاہتے کہ ان کا ملک کسی نئی کشمکش کا حصہ بنے لیکن خطے کی صورتحال آسان نہیں ایک طرف بھارت ہے دوسری طرف افغانستان ہے تیسری طرف ایران ہے ادھر چین اپنے معاشی منصوبوں کو آگے بڑھا رہا ہے روس وسط ایشیا اور افغانستان میں اپنا کردار بڑھانا چاہتا ہے امریکہ اگرچہ افغانستان سے نکل چکا ہے لیکن اس کے مفادات اب بھی خطے سے جڑے ہوئے ہیں یہ سب عناصر مل کر ایک پیچیدہ تصویر بناتے ہیں۔ بھارت کی پالیسیوں کو بھی اسی تناظر میں دیکھنا ہوگا بھارت ایک بڑی علاقائی طاقت بننے کی کوشش کر رہا ہے۔ وہ افغانستان، ایران اور وسط ایشیا میں اپنی موجودگی بڑھانا چاہتا ہے۔ بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول کو نئی دہلی کی اس حکمت عملی کا اہم معمار سمجھا جاتا ہے بھارت جانتا ہے کہ جو ملک افغانستان اور وسط ایشیا تک رسائی حاصل کرے گا، وہ مستقبل میں معاشی اور سیاسی لحاظ سے زیادہ مضبوط ہوگا اسی لیے بھارت مختلف سفارتی راستوں سے اپنی موجودگی بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ دوسری جانب چین ہے چین کا انداز دوسروں سے مختلف ہے وہ جنگ کی بات کم اور تجارت کی بات زیادہ کرتا ہے چین سڑکیں بناتا ہے، بندرگاہیں بناتا ہے، ریل کے منصوبے بناتا ہے، سرمایہ کاری کرتا ہے چین کا خیال ہے کہ معاشی ترقی ہی استحکام لا سکتی ہے پاکستان میں سی پیک اسی سوچ کا حصہ ہے لیکن چین کو بھی سیکیورٹی خدشات کا سامنا ہے وہ بھی چاہتا ہے کہ افغانستان پرامن ہو کیونکہ بدامنی اس کے منصوبوں کو متاثر کر سکتی ہے۔ ایران کی صورتحال بھی کم اہم نہیں ایران ایک طرف مغربی پابندیوں کا سامنا کر رہا ہے دوسری طرف وہ مشرق وسطیٰ اور خطے میں اپنا اثر ورسوخ برقرار رکھنا چاہتا ہے ایران اور افغانستان کے تعلقات میں بھی کئی پیچیدگیاں موجود ہیں پانی کا مسئلہ ہو، سرحدی تنازعات ہوں یا مہاجرین کا معاملہ، دونوں ممالک کو مسلسل چیلنجز کا سامنا ہے۔ اس پورے منظرنامے میں پاکستان کی ذمہ داری سب سے زیادہ اہم ہے پاکستان کو جذبات نہیں بلکہ حکمت سے کام لینا ہوگا پاکستان کو کسی کیمپ کا حصہ بننے کے بجائے پل کا کردار ادا کرنا چاہیے اسلام آباد کو کابل، تہران، بیجنگ، ماسکو اور نئی دہلی سمیت ہر دارالحکومت کے ساتھ رابطے برقرار رکھنے چاہئیں کیونکہ جنگ میں کوئی نہیں جیتتا اگر کوئی جیتتا ہے تو صرف اسلحہ بیچنے والے جیتتے ہیں اگر کوئی ہارتا ہے تو عوام ہارتے ہیں ہمیں اپنے ماضی سے سبق سیکھنا ہوگا۔ جب افغانستان میں جنگ تھی تو پاکستان متاثر ہوا جب عراق میں جنگ ہوئی تو پورا مشرق وسطیٰ متاثر ہوا جب شام جل رہا تھا تو لاکھوں لوگ بے گھر ہوئے جب یوکرین جنگ شروع ہوئی تو پوری دنیا میں مہنگائی بڑھ گئی آج دنیا پہلے سے زیادہ ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہے کسی ایک ملک کی جنگ صرف اسی ملک کی جنگ نہیں رہتی اس کے اثرات سرحدوں سے باہر نکل جاتے ہیں اسی لیے آج سب سے زیادہ ضرورت امن کی ہے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ دنیا اب بھی طاقت کی زبان زیادہ سمجھتی ہے ہتھیاروں پر کھربوں ڈالر خرچ کیے جاتے ہیں لیکن غربت ختم کرنے کے لیے اتنی سنجیدگی نظر نہیں آتی جنگی جہاز خریدنا آسان ہے سکول بنانا مشکل لگتا ہے میزائل بنانا آسان ہے ہسپتال بنانا مشکل لگتا ہے بارود جمع کرنا آسان ہے بھوک ختم کرنا مشکل لگتا ہے یہ دنیا کا سب سے بڑا المیہ ہے۔ آج اگر پاکستان، افغانستان، ایران، چین، روس اور بھارت واقعی اپنے عوام کا سوچیں تو انہیں سب سے پہلے معاشی تعاون بڑھانا چاہیے سرحدوں کو تجارت کے لیے کھولنا چاہیے توانائی کے منصوبے شروع کرنے چاہئیں ریلوے اور سڑکوں کے نیٹ ورک کو مضبوط بنانا چاہیے تعلیم، صحت اور روزگار کو ترجیح دینی چاہیے کیونکہ جب لوگوں کے پاس روزگار ہوگا تو انتہا پسندی کم ہوگی جب نوجوانوں کے پاس امید ہوگی تو نفرت کم ہوگی جب ملک ایک دوسرے سے تجارت کریں گے تو جنگ کے امکانات کم ہوں گے۔ لیکن اگر یہی ممالک ایک دوسرے کے خلاف صف بندی کرتے رہے تو آنے والے برس خطرناک ہو سکتے ہیں آج دنیا کو ایک نئے نظریئے کی ضرورت ہے یہ نظریہ بندوق کا نہیں، مکالمے کا ہونا چاہیے یہ نظریہ دھمکی کا نہیں، اعتماد کا ہونا چاہیے یہ نظریہ دشمنی کا نہیں، شراکت داری کا ہونا چاہیے عوام کی آواز بہت واضح ہے پاکستان کی عوام جنگ نہیں چاہتی افغانستان کے عوام جنگ نہیں چاہتے ایران کے عوام جنگ نہیں چاہتے بھارت کے عوام جنگ نہیں چاہتے روس اور چین کے عوام بھی جنگ نہیں چاہتے ہر شخص اپنے بچوں کے لیے بہتر مستقبل چاہتا ہے ہر شخص سکون سے جینا چاہتا ہے ہر شخص عزت اور خوشحالی چاہتا ہے۔ پھر سوال یہ ہے کہ دنیا بار بار کشیدگی کے راستے پر کیوں چل پڑتی ہے؟ اس کی وجہ مفادات ہیں۔ طاقت کی سیاست ہے اثر ورسوخ کی جنگ ہے وسائل پر قبضے کی خواہش ہے لیکن تاریخ کا ایک اصول ہے کوئی طاقت ہمیشہ طاقتور نہیں رہتی کوئی سلطنت ہمیشہ قائم نہیں رہتی کوئی فوج ہمیشہ غالب نہیں رہتی جو چیز ہمیشہ باقی رہتی ہے وہ عوام ہوتے ہیں عوام کی خواہشات ہوتی ہیں عوام کے خواب ہوتے ہیں عوام کی امیدیں ہوتی ہیں اسی لیے حکمرانوں کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اصل طاقت عوام ہیں اگر عوام امن چاہتے ہیں تو امن کو ترجیح دینی ہوگی اگر عوام ترقی چاہتے ہیں تو ترقی کو ترجیح دینی ہوگی اگر عوام روزگار چاہتے ہیں تو روزگار کو ترجیح دینی ہوگی۔ آج ہمارا خطہ ایک نئے امتحان کے سامنے کھڑا ہے۔ یہ امتحان ہتھیاروں کا نہیں بلکہ دانش کا ہے یہ امتحان جنگ کا نہیں بلکہ امن کا ہے یہ امتحان طاقت کے استعمال کا نہیں بلکہ طاقت کو قابو میں رکھنے کا ہے اگر خطے کے رہنما دانشمندی کا مظاہرہ کریں تو آنے والا عشرہ ترقی، خوشحالی اور استحکام کا عشرہ بن سکتا ہے لیکن اگر ماضی کی غلطیاں دہرائی گئیں تو نئی نسلیں بھی وہی دکھ بھگتیں گی جو پچھلی نسلوں نے بھگتے، آج عوام دنیا سے صرف ایک سوال پوچھ رہے ہیں کیا انسانیت کبھی مفادات پر غالب آ سکے گی؟ اور ایک درخواست بھی کر رہے ہیں ہمیں جنگیں نہیں، مستقبل چاہیے ہمیں بارود نہیں، کتابیں چاہیے ہمیں نفرت نہیں، امید چاہیے۔

SHOWBIZ شوبز

صبر وتحمل کے بغیر کامیاب زندگی نہیں گزاری جا سکتی' دانش تیمور

میاں بیوی کو اپنے معاملات خود سلجھانے چاہئیں' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (یو این پی) نامور اداکار دانش تیمور نے کہا ہے کہ صبر وتحمل کے بغیر کامیاب زندگی نہیں گزاری جا سکتی، میاں بیوی کو ایک دوسرے کی چھوٹی موٹی غلطیاں نظر انداز کر دینی چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں دانش تیمور نے کہا کہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ میاں بیوی کو اپنے معاملات خود سلجھانے چاہئیں اور کسی بھی تیسرے شخص کو مداخلت کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ اپنی غلطیوں سے سیکھوں اور آئندہ کے لئے اپنی اصلاح کروں۔ دانش تیمور نے کہا کہ میں نے اپنی اہلیہ پر کبھی پابندی عائد نہیں کی بلکہ ہم دونوں ایک دوسرے کی مشاورت سے آگے بڑھتے ہیں۔

اداکارہ وگلوکارہ بالی جٹی کی برسی 28ویں 8 جون کو منائی جائے گی

1967 میں ریلیز ہونے والی ایک پنجابی فلم مگیتر میں انہوں نے منور ظریف کے ساتھ اداکاری

لاہور (یو این پی) معروف اداکارہ وگلوکارہ بالی جٹی کی 28ویں برسی 8 جون کو منائی جائے گی بالی جٹی کا اصل نام عنایت بی بی تھا۔ وہ 1937ء میں ساہیوال میں پیدا ہوئیں۔ 1958ء میں انہوں نے پنجاب کے لوک تھیٹروں سے اپنے فنی کیریئر کا آغاز کیا اور متعدد ڈراموں میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ ان کے مشہور ڈراموں میں ہیر رانجھا، سسی پنوں، سوہنی مہینوال، مرزا صاحباں، لیلیٰ مجنوں، شیریں فرہاد، پیر مرادیا، ویر جودھ، سلطانہ ڈاکو، قتل تمیزن اور نور اسلام سرفہرست ہیں۔ ان ڈراموں میں وہ اداکاری کے ساتھ ساتھ گلوکاری بھی کرتی تھیں۔ ان کے گائے ہوئے کئی گانے پنجاب کے لوک گیت بن چکے ہیں۔

جاوید شیخ اچھے دوست، بہروز سبزواری سہیلے ہیں' بشریٰ انصاری

یہاں لوگوں کو دوسروں کی خوشیاں ہضم نہیں ہوتیں' سینئر اداکار کی گفتگو

لاہور (یو این پی) نامور اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں آج بھی ایسے سینئرز موجود ہیں جو نئے آنے والوں کیلئے انسٹی ٹیوٹ کا درجہ رکھتے ہیں، میں شوبز کی دنیا میں دہائیوں گزارنے کے باوجود ان جیسے لوگوں سے سیکھتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں بشریٰ انصاری نے کہا کہ جاوید شیخ میرے بہت اچھے دوست اور بہروز سبزواری میرے سہیلے ہیں، ہم سب ایک دوسرے کا بے حد احترام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں لوگوں کو دوسروں کی خوشیاں ہضم نہیں ہوتیں، حدیقہ کیانی کو حکومت کی جانب سے اعزاز ملنے پر کچھ لوگوں کے پیٹ میں مروڑ اٹھ رہے ہیں، میں انہیں کہنا چاہتی ہوں کہ حدیقہ کیانی کی دکھی انسانیت کے لئے خدمات کے بارے میں معلومات لیں شاید آپ کے پیٹ کے مروڑ دور ہو جائیں۔

میں لوگوں کی غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر کر دیتی ہوں' زارا نور عباس

دوسروں کو بلا جواز تنقید کا نشانہ بنانا فیشن کی صورت اختیار کر گیا ہے

لاہور (یو این پی) اداکارہ زارا نور عباس نے کہا ہے کہ میں لوگوں کی غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر کر دیتی ہوں، کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ سوشل میڈیا پر جس کی مرضی چاہے پگڑی اچھال دے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ لوگوں کو دوسروں کی ذات پر کیچڑ اچھالنے اور ان کا برا سوچنے کے لئے وقت کیسے میسر آ جاتا ہے، ہمیں جیو اور جینے دو کی پالیسی پر چلنا چاہیے تاکہ کسی کی بھی دل آزاری نہ ہو۔ زارا نور عباس نے کہا کہ دوسروں کو بلا جواز تنقید کا نشانہ بنانا فیشن کی صورت اختیار کر گیا ہے بلکہ یہ خود کو مشہور کرنے کا بھی سستا ذریعہ بن گیا ہے۔

رابی پیرزادہ نے شوبز میں دوبارہ کام کرنیکی پیشکش ٹھکرا دی

لاہور (یو این پی) شوبز کو خیرباد کہنے والی ماضی کی نامور اداکارہ وگلوکارہ رابی پیرزادہ نے شوبز میں دوبارہ کام کرنے کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ رابی پیرزادہ کو کراچی میں بننے والے ایک بڑے پراجیکٹ میں کام کی پیشکش ہوئی تاہم انہوں نے صاف انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر چکی ہوں اور کسی قیمت پر بھی واپسی ممکن نہیں۔ رابی پیرزادہ نے کہا کہ میں نے اپنی زندگی سماجی کاموں کے لئے وقف کر رکھی ہے اور میں اطمینان سے بھرپور زندگی بسر کر رہی ہوں۔

☆☆☆

مجھے ایک نہیں بلکہ متعدد خطرناک سٹاکرز کا سامنا کرنا پڑا، اداکارہ کنزہ ہاشمی

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ کنزہ ہاشمی نے انکشاف کیا ہے کہ مجھے ایک نہیں بلکہ متعدد خطرناک سٹاکرز کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد میرے لیے دوسروں پر اعتماد کرنا مشکل ہو گیا۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے کنزہ ہاشمی نے بتایا کہ بیرونِ ملک موجود ایک شخص میرا جنونی مداح تھا، جس نے میرے گھر کے ملازمین کو پیسے دے کر اپنے ساتھ ملا لیا تھا۔ اداکارہ نے بتایا ہے کہ میرے گھر کا عملہ 7 سال سے میرے ساتھ کام کر رہا تھا، لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ وہ میرے گھر کی نجی تصاویر، ذاتی اشیا اور یہاں تک کہ میری ادویات کی تصاویر بھی خفیہ طور پر اس شخص کو بھیج رہے تھے۔ کنزہ ہاشمی کا کہنا تھا کہ جب مجھے اس حقیقت کا علم ہوا تو میں شدید صدمے میں چلی گئی اس واقعے کے بعد لوگوں پر اعتماد کرنا میرے لیے بہت مشکل ہو گیا۔

زندہ اور خیریت سے ہوں، انتقال کی خبریں جھوٹی ہیں، گلوکارہ طاہرہ سید

میں بالکل ٹھیک ہوں اور نیویارک میں اچھی زندگی گزار رہی ہوں

نیویارک (یو این پی) نامور غزل اور لوک گلوکارہ طاہرہ سید نے اپنے انتقال سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کی سختی سے تردید کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ میں بالکل خیریت سے ہوں۔ وائرل افواہوں کے ایک روز بعد طاہرہ سید نے فیس بک پر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری صحت اور انتقال سے متعلق پھیلائی جانے والی خبریں بے بنیاد اور جھوٹی ہیں۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ میری صحت کے بارے میں مختلف افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں، اللہ کے فضل و کرم سے میں بالکل ٹھیک ہوں۔

SPORTS سپورٹس

شاداب خان نے اچھی انگ کھیلی، وہ باؤلر سے اچھے آل راؤنڈر بن گئے

ورلڈ کپ میں ابھی 18 ماہ باقی ہیں اس وقت ہمارے پاس مواقع ہیں

لاہور (یو این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا ہے کہ شاداب خان نے اچھی انگ کھیلی اور وہ باؤلر سے اچھے آل راؤنڈر بن گئے ہیں۔ مائیک ہیسن نے میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ورلڈ کپ میں ابھی 18 ماہ باقی ہیں اس وقت ہمارے پاس مواقع ہیں کہ نوجوان کھلاڑیوں کو تلاش کریں، اس گرمی میں تیز پیچز نہیں بن سکتیں، گزشتہ برس جنوبی افریقا میں ہمیں ایسی پیچز ملی تھیں۔ مائیک ہیسن نے کہا کہ ہم آل راؤنڈرز کو دیکھ رہے ہیں فہیم اشرف سمیت کافی کھلاڑیوں پر نظر ہے، عرفات منہاس نے کیریئر کا بہت اچھا آغاز کیا ہے۔

نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ کے دوسرے روز پاکستان آرمی

پاکستان واپڈا اور پاکستان نیوی نے اپنے اپنے لئے میچز جیت لئے

ری نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ کے دوسرے روز پاکستان آرمی، پاکستان ایئرفورس، پاکستان واپڈا اور پاکستان نیوی نے اپنے، اپنے میچز جیت لئے۔ اس موقع پر پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ تفصیلات کے مطابق لیاقت جمنازیم میں کھیلے گئے چیمپئن شپ کے دوسرے روز کے میچز میں پاکستان آرمی نے پاکستان نیوی کو 24-38 پوائنٹس سے، پاکستان ایئرفورس نے پاکستان پولیس 49-50 پوائنٹس سے، پاکستان آرمی نے ائیرپورٹ سیکیورٹی فورس کو 39-55 پوائنٹس سے، پاکستان واپڈا نے پاکستان ایئرفورس کو 35-50 پوائنٹس سے اور پاکستان نیوی نے ائیرپورٹ سیکیورٹی فورس کو 25-41 پوائنٹس سے ہرا دیا۔

☆☆☆

شاہین آفریدی وسیم اکرم اور وقار یونس جیسے باؤلرز کی فہرست میں شامل

پاکستانی کپتان نے دوسرے ون ڈے کی پہلی ہی ڈیلیوری پر آسٹریلیا کے ایلکس کیری کو آؤٹ کر دیا

لاہور (یو این پی) بائیں ہاتھ کے تیز گیند باز شاہین شاہ آفریدی نے منگل کو قذافی اسٹیڈیم میں اپنے دوسرے ون ڈے میں آسٹریلیا کے ایلکس کیری کو آؤٹ کر کے پاکستانی کپتانوں کی فہرست میں اپنا نام شامل کر لیا۔ شاہین آفریدی جنہوں نے آسٹریلیا کی اننگز کی پہلی ہی ڈیلیوری پر ایلکس کیری کو بولڈ کیا وہ اب وسیم اکرم اور وقار یونس کے ساتھ ون ڈے کی پہلی ہی گیند پر وکٹ لینے والے تیسرے پاکستانی کپتان بن گئے۔ وسیم اکرم یہ کارنامہ انجام دینے والے پہلے پاکستانی کپتان تھے۔

☆☆☆

نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ کا فائنل اور پوزیشنز میچز (آج) کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام جاری نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ کا فائنل اور پوزیشنز میچز (آج) جمعرات کو لیاقت جمنازیم، اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے چھ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان نیوی، پاکستان پولیس اور ایئر پورٹ سیکیورٹی فورس شامل ہیں۔ فائنل کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

قومی خواتین نیٹ بال ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ اوپن ٹرائلز 7 جون کو کراچی میں

ٹرائلز کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور ٹرائلز میں ملک بھر سے خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی

کراچی (یو این پی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے تعاون سے قومی خواتین نیٹ بال ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ اوپن ٹرائلز 7 جون کو پی ایس بی کوچنگ سنٹر، کراچی میں شام 5 بجے شروع ہونگے۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر ثمین ملک نے بتایا کہ ٹرائلز کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ٹرائلز میں ملک بھر سے خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی اور اس سلسلہ میں فیڈریشن کے ساتھ منسلک تمام صوبائی، ریجنل اور ڈیپارٹمنٹس کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اور منتخب ٹیم کے کھلاڑی ہانگ کانگ میں کھیلی جانے والی ایشین ویمنز نیٹ بال چیمپئن شپ میں حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ میں ہانگ کانگ چین، سنگاپور، سری لنکا، ملائیشیا، بھارت، مالدیپ، تائیوان، جاپان، بحرین، تھائی لینڈ، جنوبی کوریا اور پاکستان سمیت ایشیا بھر سے ٹاپ ٹیمیں حصہ لیں گی۔

نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ 10 جولائی سے لاہور شروع ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کی عبوری کمیٹی کے زیر اہتمام نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ 10 جولائی سے پی ایس بی کوچنگ سنٹر، لاہور میں شروع ہوگی۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کی عبوری کمیٹی کے رکن کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر حافظ ظفر اقبال نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کی عبوری کمیٹی کے چیئرمین زاہد اقبال (ریٹائرڈ) نے نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ منعقد کروانے کی منظوری دے دی ہے اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے صوبائی، ریجنل اور ڈیپارٹمنٹ کے مرد اور خواتین کھلاڑی مختلف ویٹ کیٹگریز کے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ 15 جولائی تک جاری رہے گی جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ چیمپئن شپ میں اچھی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی ٹیم میں شامل کیا جائے گا اور منتخب ٹیم کے کھلاڑی جاپان میں کھیلی جانے والی 20ویں ایشین گیمز میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان سیریز کا تیسرا اور فیصلہ کن میچ آج کھیلا جائے گا

دونوں ٹیمیں سیریز اپنے نام کرنے کے لیے بھرپور طاقت کے ساتھ میدان میں اتریں گی

لاہور (یو این پی) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا تیسرا اور فیصلہ کن میچ (آج) لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، جہاں دونوں ٹیمیں سیریز اپنے نام کرنے کے لیے بھرپور طاقت کے ساتھ میدان میں اتریں گی۔ سیریز اس وقت 1-1 سے برابر ہے، جس کے باعث یہ میچ شائقین کرکٹ کی خصوصی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ دوسرے ون ڈے میں آسٹریلیا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کو شکست دے کر سیریز برابر کی تھی۔ آسٹریلوی ٹیم اگرچہ اپنے چند اہم کھلاڑیوں کے بغیر میدان میں اتری، تاہم نوجوان اور متبادل کھلاڑیوں نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم کو کامیابی دلائی۔ بلے بازوں میں کیمرون گرین اور جوش انگلس نے اہم کردار ادا کیا جبکہ فاسٹ بولر ناتھن ایلس نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے پاکستانی بیٹنگ لائن کو شدید مشکلات سے دوچار کیا۔ دوسری جانب پاکستانی ٹیم کو گزشتہ میچ میں بیٹنگ کے شعبے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ٹاپ آرڈر خاطر خواہ کارکردگی دکھانے میں ناکام رہا جس کے باعث میزبان ٹیم بڑا اسکور بنانے سے محروم رہی۔ اگرچہ شاہین شاہ آفریدی اور دیگر بولرز نے عمدہ بولنگ کی، لیکن بیٹنگ کی کمزوری پاکستان کے لیے شکست کا سبب بنی۔ اب قومی ٹیم کی نظریں فیصلہ کن مقابلے میں فتح پر مرکوز ہیں۔ قذافی سٹیڈیم کی پچ روایتی طور پر بیٹنگ کے لیے سازگار سمجھی جاتی ہے اور یہاں بڑے بڑے سکورز بنتے رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس مرتبہ بھی ایک ہائی سکورنگ مقابلہ دیکھنے کو مل سکتا ہے۔ موسم گرم اور مرطوب رہنے کی توقع ہے جبکہ رات کے وقت اوس کا عنصر بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اسی وجہ سے ٹاس جیتنے والی ٹیم پہلے فیلڈنگ کرنے کو ترجیح دے سکتی ہے تاکہ ہدف کا تعاقب نسبتاً آسان ہو۔ پاکستانی ٹیم کو ہوم گراؤنڈ اور مقامی شائقین کی بھرپور حمایت حاصل ہوگی۔ کپتان اور کوچنگ سٹاف کو امید ہے کہ بلے باز گزشتہ میچ کی غلطی سے سبق سیکھتے ہیں۔

ABC عوام کی بے ساختہ للکار WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و رواشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1
مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔میڈیا کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے دنیا بھر سے امریکہ کو سامان برآمد کرنے والے 60 بڑے ممالک پر نئے درآمدی ٹیرف نافذ کرنے کا حتمی اعلان کر دیا ہے، امریکی سپریم کورٹ کی جانب سے رواں سال فروری میں ٹرمپ انتظامیہ کے کئی سابقہ محصولات کو منسوخ کیے جانے کے بعد یہ دوسرا موقع ہے جب امریکی حکومت نے اتنے بڑے پیمانے پر نئے درآمدی ٹیکسز متعارف کروائے ہیں۔بتایا گیا ہے کہ اس نئی ٹیرف پالیسی کی زد میں آنے والے 60 تجارتی شراکت داروں کی فہرست میں پاکستان اور بھارت کے علاوہ برطانیہ، یورپی یونین، کینیڈا اور جاپان جیسے بڑے اور اہم ترین امریکی تجارتی پارٹنرز شامل ہیں، یہ وہ ممالک ہیں جو امریکہ کو فروخت ہونے والی تقریباً تمام اشیاء ہی برآمد کرتے ہیں اور امریکہ کی مجموعی طور پر 99.4 فیصد درآمدات انہی خطوں سے آتی ہیں۔امریکی محکمہ تجارت کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ ایک طویل تحقیقاتی عمل کے بعد منگل کے روز سامنے آیا، جس کا آغاز مارچ میں کیا گیا تھا، تحقیقات کے بعد پتا چلا کہ یہ تمام 60 ممالک نہ تو جبری مشقت سے مکمل یا جزوی طور پر تیار ہونے والی اشیاء کی درآمد پر کوئی سخت قانونی پابندی عائد کرنے میں کامیاب ہوئے اور نہ ہی ایسی کسی پابندی کو اپنے ہاں مؤثر طریقے سے نافذ کر سکے ہیں، ایسے ممالک کے ساتھ تجارت کرنا جو جبری مشقت سے بنی اشیاء خریدتے یا بیچتے ہیں، امریکہ کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے۔امریکی نمائندہ برائے تجارت جیمیسن گریئر نے اس فیصلے کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ جبری مشقت کے باعث بین الاقوامی مارکیٹ میں ایسی صورت حال پیدا ہوتی ہے جس میں خود امریکی کارکنوں اور مصنوعات کو عالمی سطح پر غیر مساوی اور غیر منصفانہ مسابقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ 2
کے مطابق آئی جی پنجاب عبدالکریم نے صوبے بھر میں ٹریفک مینجمنٹ کو بہتر بنانے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کو کم کرنے کے لیے نئی ٹریفک پالیسی کا اعلان کیا ہے، انہوں نے مختلف شہروں سے موصول ہونے والی عوامی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اب کوئی بھی ٹریفک وارڈن سڑک کے عین بیچ میں گاڑی روک کر چالان کرنے کا عمل شروع نہیں کرے گا۔آئی جی پنجاب نے صوبے میں ٹریفک کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد اس بات پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ بعض مقامات پر ٹریفک وارڈنز صرف چالان کرنے پر ضرورت سے زیادہ توجہ دے رہے ہیں اور اس چکر میں سڑکوں کے بیچوں بیچ گاڑیاں روک لیتے ہیں، اس عمل کی وجہ سے نا صرف سڑکوں پر بدترین ٹریفک جام دیکھنے کو ملتا ہے بلکہ عام شہریوں کی آمدورفت میں شدید رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور انہیں غیر ضروری ذہنی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔راؤ عبدالکریم نے پنجاب کے تمام چیف ٹریفک افسران، سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز کو ہنگامی ہدایات جاری کی ہیں کہ تمام افسران اپنے ماتحت کام کرنے والے عملے کو اس نئی پالیسی سے فوری طور پر آگاہ کریں اور اس پر سختی سے عملدرآمد کروائیں، ٹریفک وارڈنز کی سب سے پہلی اور بنیادی ذمہ داری سڑکوں پر ٹریفک کے بہاؤ کو برقرار رکھنا اور عوام کو سہولت دینا ہے، نہ کہ ایسی کارروائیاں کرنا جن سے ٹریفک کا پورا نظام ہی معطل ہو جائے۔آئی جی پنجاب نے خبردار کیا ہے کہ اگر اب کسی بھی علاقے سے بیچ سڑک گاڑی روک کر ٹریفک جام کرنے یا شہریوں کو ہراساں کرنے کی شکایت موصول ہوئی، تو متعلقہ وارڈن اور اہلکار کے خلاف فوری تحکمانہ کارروائی کی جائے گی، پنجاب کی ٹریفک انتظامیہ کو ہر صورت شہری دوست بنایا جائے گا تاکہ عوام کو بہترین اور پرسکون سفری سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 3
1137 ڈمیکلز کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے، فینسی اور ایکسائز نمونہ کے مطابق نمبرز لگانے پر 455 موٹرسائیکل وگاڑیوں کیخلاف کارروائی کی گئی ، اگلی و پچھلی بروکن نمبرز اور ماڈل چھپانے پر 687 گاڑی وموٹرسائیکلوں کیخلاف کارروائی کی گئی، جعلی نمبرز لگانے پر شہر کے مختلف تھانوں میں 05 مقدمات بھی درج کروا ئے گئے ۔معمولی خلاف ورزی پر 07 ہزار سے زائد موٹرسائیکل و گاڑی مالکان کو ایجوکیٹ بھی کیا گیا۔اس حوالے سے سی ٹی او سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ بغیر نمبر پلیٹس کار ڈرائیونگ پر 03 ہزار جبکہ موٹرسائیکل 01 ہزار روپے جرمانہ ہے، بوگس، غیر قانونی گرین نمبر پلیٹس، غیر قانونی نیلی بتی لگانے پر دھوکہ دہی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہوگا۔انہوں نے کہا کہ شہری گاڑی ٹرانسفر کروانے کیصورت میں پرانے نمبر کی بجائے اپنا نیا یونیورسل نمبر لگائیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے ای چالان سے بچنے کیلئے نمبر پلیٹس ٹیمپرڈ کرتے ہیں، قانون شکن افراد گاڑی کی شناخت چھپانے کے لئے جعلی نمبر پلیٹس کا استعمال کرتے ہیں، ایسی تمام ڈمیکلز جن پر نمبر پلیٹس ایکسائز کے نمونے کے مطابق لگیں ہیں، انہیں چالان نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 4
شروع کردی ذرائع کے مطابق مجوزہ قانون کے تحت عادی مجرموں کو ''اینٹی سوشل پرسن'' قرار دیا جائے گا جبکہ ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کمیٹیوں کو مشتبہ افراد کو ڈکلیئر کرنے کے اختیارات بھی دیے جائیں گے۔نئے قانون میں سزاؤں کو بھی سخت کیا جا رہا ہے، جس کے تحت ابتدائی جرائم پر 3 سے 5 سال تک قید دی جا سکے گی جبکہ بار بار جرم کرنے والوں کے لیے سزا بڑھا کر 7 سال قید اور 20 لاکھ روپے تک جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مزید اختیارات دیتے ہوئے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے اور شناختی کارڈ بلاک کرنے کی اجازت بھی شامل کی گئی ہے۔اس کے علاوہ پولیس کو جدید الیکٹرانک نگرانی اور سرویلنس کے اختیارات فراہم کیے جائیں گے۔مجوزہ قانون میں ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، قبضہ مافیا کی سرگرمیاں، سائبر کرائم اور ہراسگی کو بھی باقاعدہ طور پر قابلِ سزا جرائم میں شامل کیا گیا ہے۔صوبائی کابینہ نے اس قانون کی منظوری دے دی ہے اور توقع ہے کہ اسے جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا جائے گا، جہاں منظوری کے بعد اس کا باقاعدہ نفاذ عمل میں آئے گا۔حکام کے مطابق اس قانون کا مقصد معاشرے میں امن وامان کو بہتر بنانا اور پیشہ ور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 5
حیثیت کے بارے میں تمام قیاس آرائیاں ختم ہو جائیں، عمران خان کو جیل میں رکھ کر غیرضروری طور پر ایک تاثر پیدا کیا جا رہا ہے اس لیے انہیں باہر آنا چاہیے تاکہ سب کو حقیقت کا اندازہ ہو جائے اور یہ بحث بھی ختم ہو جائے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ عمران خان جب چاہیں رہا ہو سکتے ہیں وہ حقائق کے برعکس بات کرتے ہیں، یہ تاثر درست نہیں کہ عمران خان خود رہائی نہیں چاہتے، عمران خان کو اس وقت رہائی کا کوئی موقع میسر نہیں آ رہا۔عمران نذیر نے کہا کہ چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا نام پاکستان ہے، صحت اور تعلیم کے شعبے پہلے بھی وفاق کے پاس تھے لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ صوبوں میں یہ محکمے موجود نہیں تھے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پنجاب سے ہمیشہ قربانی مانگی جاتی ہے، ہمارا این ایف سی شیئر 58 فیصد بنتا ہے، لیکن ہمیں 51 فیصد ملا۔دیگر صوبے آبادی کم کرنے کے بجائے بڑھا رہے ہیں تاکہ این ایف سی شیئر بڑھ جائے لیکن اگر آبادی رکے گی نہیں تو اس کا نقصان پاکستان کو ہونا ہے۔انہوں نے کہا کہ بحیثیت سیاسی کارکن مجھے عمران خان سمیت ہر سیاسی کارکن کی قید کا دکھ ہے، لیکن سیاسی کارکنوں کو بھی ریڈ لائن کراس نہیں کرنی چاہیے۔سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا عمران خان صرف سیاسی قیدی ہیں، 190 ملین پاؤنڈ کیس اور فارن فنڈنگ کیس ایک حقیقت ہے۔

بقیہ 6
اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی بدولت 100 ارب روپے سے زائد کے زرعی مداخل کی خریداری کی۔ پانچ لاکھ 38 ہزار کاشتکاروں سے 67 ارب روپے قابل وصول کیے گئے جو 86 فیصد ریکوری کا ریکارڈ قائم ہوا۔کاشتکاروں نے بہترین مثال قائم کرتے ہوئے 57 ارب روپے کی اقساط ادا کر دیں۔وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے خریف کی فصل کے زرعی مداخل کے لئے 90 ارب روپے کاشتکاروں کو مل گئے۔تین لاکھ کاشتکاروں نے 30 ارب روپے کے زرعی مداخل کسان کارڈ کے ذریعے حاصل کر لیے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ کسان کارڈ کے ذریعے پنجاب کے کاشتکار کی قسمت بدل رہی ہے۔پنجاب کا کاشتکار اب کسی آڑھتی کا مقروض نہیں ہوگا، سر اٹھا کر جیئے گا۔پنجاب کے کاشتکار کو مالی خود مختاری اور خوشحالی کی راہ پر دیکھنا میرا خواب ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کاشتکار بھائیوں نے زرعی قرضوں کی بروقت ادائیگی کر کے شاندار مثال قائم کی ہے۔

بقیہ 7
کو جس محبت، عزت اور والہانہ استقبال سے نوازا گیا، وہ عوامی جذبات کا واضح اظہار ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کے دل آج بھی میاں نواز شریف کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور وہ مسلم لیگ (ن) کو ترقی، خوشحالی اور عوامی خدمت کی علامت سمجھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام بخوبی جانتے ہیں کہ علاقے میں حقیقی ترقیاتی منصوبے اور عوامی فلاح کے اقدامات مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں ہی مکمل ہوئے۔اس کے برعکس دیگر سیاسی جماعتوں نے عوامی امیدوں اور جذبات کو پورا کرنے کے بجائے انہیں مایوس کیا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار بھرپور انداز میں اپنی انتخابی مہم چلا رہے ہیں اور انہیں عوام کی وسیع حمایت حاصل ہے۔عوام کا رجحان واضح طور پر شیر کے انتخابی نشان کی جانب ہے کیونکہ لوگ ترقی، استحکام اور بہتر مستقبل کے لیے مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ان شاء اللہ 7 جون کو گلگت بلتستان کے عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے اور ہر طرف شیر کی کامیابی کی گونج سنائی دے گی۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان میں عوامی اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ایک بار پھر کامیابی حاصل کرے گی۔

بقیہ 8
اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال خان شمس الرحمان اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نے اپنے دورے کا آغاز جنرل بس سٹینڈ کے لیے مجوزہ نئی سائٹ کے معائنے سے کیا جہاں متعلقہ افسران نے انہیں منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی۔انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی سہولت، ٹریفک مینجمنٹ اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کو حتمی شکل دی جائے۔ بعد ازاں انہوں نے ساہیوال سپورٹس سٹیڈیم کا دورہ کیا اور وہاں پر تعمیراتی و بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ نوجوانوں کو معیاری کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام ترقیاتی سرگرمیاں مقررہ معیار اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کی جائیں۔ڈپٹی کمشنر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ساہیوال کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر حلقہ کے رکن صوبائی اسمبلی بیرسٹر تیمور خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز وعملہ کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے طبی سہولیات کے بارے میں فیڈ بیک بھی حاصل کیا اور ہدایت کی کہ علاج معالجہ کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈپٹی کمشنر نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ساہیوال شہر میں جاری سیوریج اور بارشی پانی کی نکاسی کے منصوبے کا بھی معائنہ کیا۔اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی بیرسٹر تیمور خان بھی موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، تعمیراتی معیار کو یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے ساہیوال فیملی پارک کا دورہ کر کے وہاں موجود تفریحی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے پارک میں عوام بالخصوص خواتین اور بچوں کے لیے مزید سہولیات فراہم کرنے اور پارک کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری صفائی آپریشن کا بھی تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی یقینی بنائی جائے اور شہری علاقوں میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھا جائے۔ دورہ کے آخری مرحلہ میں ڈپٹی کمشنر نے کنیز فاطمہ ویلفیئر ہسپتال فاروقہ کا بھی معائنہ کیا۔رکن صوبائی اسمبلی بیرسٹر تیمور خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ادویات کے سٹاک، طبی آلات، عملہ کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ دیہی علاقوں میں صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کے ترقیاتی اور عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے تمام محکمے بھرپور انداز میں کام کریں اور عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔

بقیہ 9
کے مطابق ایل نینو 2016 کے بعد اب سرگرم ہو رہا ہے، جس کے باعث پاکستان میں معمول سے کم بارشیں ہو سکتی ہیں۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تھر پارکر ریجن سمیت سندھ میں رواں مون سون میں معمول سے کم بارشیں ہونے کا امکان ہے جب کہ ملک کے شمالی علاقوں میں مغربی ہواؤں کے سلسلے بارش کا سبب بنتے رہیں گے۔محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں آئندہ دنوں میں بھی موسم گرم اور مرطوب رہیگا، کراچی میں درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہ سکتا ہے، محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ملک کے بالائی علاقوں میں 5 جون تک آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہوائیں چلنے کا سلسلہ گزشتہ رات سندھ کے مختلف علاقوں میں بارش کا باعث بنا۔محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ موئن جو داڑو میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 32 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی، مانوروہڑی میں 20 ملی میٹر بارش جب کہ ہواؤں کی رفتار 104 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ ہوئی۔محکمہ موسمیات کے مطابق اس سسٹم کے زیر اثر خیرپور، دادو، گھوٹکی، تھرپارکر اور ملحقہ اضلاع میں بھی بارش کا امکان رہے گا۔

بقیہ 10
روزگار اور افرادی قوت سے متعلق اہم امور پر تبادلہ ؟ خیال کیا جا رہا ہے۔کانفرنس کا مقصد سب کے لیے باعزت روزگار کے مواقع کے فروغ کے مشترکہ ایجنڈے کو آگے بڑھانا ہے۔کانفرنس کے موقع پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے مملکت سعودی عرب کے نائب وزیر برائے انسانی وسائل وسماجی ترقی، عزت مآب طارق الحمد سے ملاقات بھی کی۔ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ؟ خیال کیا، جن میں افرادی قوت کی نقل وحرکت، افرادی قوت کی مہارتوں میں اضافہ، اور انسانی وسائل کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانا شامل تھا۔گفتگو میں اس امر پر زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے مفاد میں روزگار کے مزید مواقع پیدا کرنے اور افرادی قوت کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے تعاون کو مزید فروغ دیا جائے۔وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی مضبوط شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور محنت، روزگار اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 11
دیتے ہوئے کاروباری اوقات میں توسیع کا حتمی نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، وزیراعظم کی منظوری کے بعد اب صوبائی حکومتوں اور مقامی انتظامیہ کو ان نئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کروانے کی ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں۔حکومتی اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مختلف کاروباری اور تفریحی مراکز کے لیے بندش کے اوقات میں تبدیلی کے بعد اب تمام دکانیں، مقامی مارکیٹیں، شاپنگ مالز اور عام ریٹیل کاروبار اب رات 9 بجے بند کر دیے جائیں گے، تمام ہوٹلز، ریسٹورنٹس، کیفے، کھانے پینے کے مراکز اور سبزی کی دکانیں رات 11 بجے تک کھلی رہ سکیں گی، شادی ہالز، کمرشل ایونٹس یعنی تقریبات کے مقامات اور مارکیز پر اوقات کار میں توسیع کا یہ ریلیف لاگو نہیں ہوگا اور یہ بدستور رات 10 بجے ہی بند ہوں گے۔معلوم ہوا ہے کہ عوامی سہولت اور ہنگامی خدمات کو برقرار رکھنے کے لیے حکومت نے مختلف شعبوں کو ان اوقات کار کی پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا ہے، جن میں میڈیکل اسٹورز، ہسپتال، پٹرول پمپس، آئی ٹی کمپنیز، ٹیلی کام کے ادارے، تندور اور جم شامل ہیں۔

بقیہ 12
عمران خان سے اڈیالہ جیل میں تفصیلی مشاورت کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایک باقاعدہ درخواست دائر کر دی ہے، درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت متعلقہ حکام کو جیل میں فوری ملاقات کرانے کا حکم جاری کرے۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ عمران خان پی ٹی آئی کے تاحیات چیئرمین ہیں اور ملک کے عوام نے ان کے نام اور بیانیے پر ووٹ دیا ہے، خیبر پختونخواہ میں درحقیقت عمران خان کی حکومت قائم ہے، ہم صوبے کا اگلا بجٹ عمران خان کے معاشی وعوامی وژن کے مطابق ہی پیش کرنا چاہتے ہیں اور اسی سلسلے میں اس اہم ترین ملاقات کی اجازت مانگی گئی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ عدالت عالیہ اس معاملے میں مداخلت کرے گی اور بانی پی ٹی آئی سے ملاقات پر عائد غیر قانونی رکاوٹیں دور کرنے کا حکم صادر کرے گی کیوں کہ جیل میں طویل قید تنہائی کے عرصہ میں عمران خان کی آنکھ شدید متاثر ہو چکی ہے، ایک سابق وزیراعظم اور ملک کے مقبول ترین لیڈر کے علاج معالجے میں دانستہ رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں اور ان سے ملاقاتوں پر پابندی عائد ہے، جو کہ پوری پارٹی اور عوام کے لیے شدید باعثِ تشویش ہے۔وفاقی حکومت کے معاشی اقدامات اور رویے کے خلاف وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ نے فائنل ایکشن پلان کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ آنے والی 10 جون کو جب قومی اسمبلی کا بجٹ اجلاس منعقد ہوگا، تو اس موقع پر ہم اس وفاقی بجٹ کے خلاف اور عمران خان کے حقوق کے لیے پارلیمنٹ ہاؤس کے گیٹ کے بالکل سامنے ایک بڑا احتجاجی دھرنا دیں گے۔

بقیہ 13
(ڈسکوز) کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی حدود میں خراب کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سب ڈویژنل افسران اور ایکسیئنز کے خلاف فوری تادیبی کارروائی کا آغاز کریں۔ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر کی ہدایت پر فوری عمل درآمد کرتے ہوئے پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) اور سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) نے پہل کی ہے۔دونوں کمپنیوں نے قومی 118 کال سینٹر سسٹم پر درج ہونے والی صارفین کی شکایات کے ازالے میں ناکامی اور غفلت برتنے پر اپنے خراب کارکردگی کے حامل افسران کو معطل کرتے ہوئے ان کے خلاف تحکمانہ کارروائی شروع کر دی ہے۔ ملک کی دیگر تمام تقسیم کار کمپنیاں بھی اپنے اپنے دائرہ اختیار میں ایسے ہی نااہل افسران کے خلاف تادیبی اقدامات کے عمل کو حتمی شکل دے رہی ہیں۔ وفاقی وزیر کے یہ احکامات کسٹمر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم یعنی پاکستان کے قومی 118 کال سینٹر سے حاصل کردہ ڈیٹا کے جامع اور ذاتی جائزے کے بعد جاری کیے گئے۔یہ ڈیٹا یکم اکتوبر 2025 سے 31 مارچ 2026 تک کی مدت پر محیط ہے۔لوڈ شیڈنگ، وولٹیج کے اتار چڑھاؤ، لائن فالٹس اور ٹرانسفارمر ٹرپنگ جیسی شکایات کے اس ریکارڈ سے افسران کی مجرمانہ غفلت کا انتہائی تشویشناک رجحان سامنے آیا۔

بقیہ 14
مالک پر 50 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا گیا۔فوڈ اتھارٹی ذرائع کے مطابق ناکے کے دوران ایک دودھ بردار گاڑی میں موجود 5 ہزار لیٹر دودھ کی جدید ٹیسٹنگ آلات کے ذریعے جانچ پڑتال کی گئی۔معائنے کے دوران دودھ میں پانی کی بھاری مقدار شامل ہونے کا انکشاف ہوا جس کے بعد ناقص دودھ کو موقع پر ہی تلف کر دیا گیا تاکہ یہ شہریوں تک نہ پہنچ سکے۔ماہرین صحت کے مطابق دودھ میں پانی یا دیگر مضر اجزاء کی ملاوٹ نہ صرف اس کی غذائیت کو کم کر دیتی ہے بلکہ بچوں، بزرگوں اور مختلف بیماریوں میں مبتلا افراد کی صحت کے لیے بھی سنگین خطرات پیدا کر سکتی ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی حالیہ کارروائی کو عوامی صحت کے تحفظ کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔فوڈ اتھارٹی حکام کا کہنا ہے کہ راولپنڈی اور گردونواح میں روزانہ لاکھوں لیٹر دودھ سپلائی کیا جاتا ہے جس کی مسلسل نگرانی ناگزیر ہے۔اسی مقصد کے تحت مختلف داخلی اور خارجی راستوں، موٹرویز اور اہم شاہراہوں پر اچانک ناکے لگا کر دودھ بردار گاڑیوں کی جانچ کی جاتی ہے تاکہ ملاوٹ کرنے والے عناصر قانون کی گرفت سے نہ بچ سکیں۔حکام کے مطابق خوراک میں ملاوٹ ایک سنگین جرم ہے اور اس مکروہ کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔انہوں نے واضح کیا کہ عوام کی صحت پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا اور معیاری خوراک کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔شہری حلقوں نے فوڈ اتھارٹی کی کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ دودھ اور دیگر اشیائے خورونوش میں ملاوٹ کے خاتمے کے لیے چیکنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو خالص اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔واضح رہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی صوبہ بھر میں ملاوٹ مافیا کے خلاف مسلسل کارروائیاں کر رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر مختلف مقامات پر ناکہ بندیوں، معائنوں اور سیمپلنگ کے ذریعے خوراک کے معیار کو یقینی بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔حالیہ کارروائی بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی قرار دی جا رہی ہے جس کا مقصد عوامی صحت کا تحفظ اور خوراک کے معیار پر عوام کے اعتماد کو بحال رکھنا ہے۔

بقیہ 15
ہولڈرز نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر نے کہا کہ اسلام امن، محبت، برداشت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے جبکہ محرم الحرام کی حرمت اور تقدس تمام مکاتب فکر میں یکساں اہمیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں ہمیشہ محرم الحرام کے دوران مثالی امن وامان قائم رہا ہے اور اس مثبت روایت کو برقرار رکھنے کے لیے تمام اداروں اور شہریوں کو پہلے سے زیادہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دشمن مختلف محاذوں پر ناکامیوں کے بعد ایسے مذہبی مواقع پر انتشار پھیلانے کی سازشیں کر سکتے ہیں، لہٰذا تمام متعلقہ اداروں، علما کرام اور امن کمیٹی کے اراکین کو باہمی رابطے، اتحاد اور ہوشیاری کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ کسی بھی شرپسند عنصر کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہونے دیا جائے۔ملیحہ سحر نے ہدایت کی کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے راستوں، امام بارگاہوں اور دیگر حساس مقامات پر تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو صفائی ستھرائی، روشنی، سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، ہنگامی طبی سہولیات اور دیگر انتظامی امور کو قبل از وقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے بتایا کہ وہ خود شام کے وقت جلوسوں کے راستوں، امام بارگاہوں اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیں گی۔ اجلاس میں سیکیورٹی، ریسکیو، بلدیاتی اداروں، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور دیگر متعلقہ محکموں کی جانب سے محرم الحرام کے حوالے سے کیے گئے انتظامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ محرم الحرام کے دوران امن، مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے تمام ادارے اور شہری مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کریں گے اور راولپنڈی میں مثالی امن وامان کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 16
کا مقصد نکاسی آب کے نظام کو مزید مؤثر، محفوظ اور پائیدار بنانا ہے۔تفصیلات کے مطابق ماضی میں مختلف مقامات پر نصب روایتی ڈرین کورز کے چوری ہونے، اپنی جگہ سے ہٹ جانے یا ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث شہریوں اور سیاحوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔بعض اوقات کھلے مین ہولز اور نالوں کی وجہ سے حادثات کا خطرہ بھی بڑھ جاتا تھا، جس کے پیش نظر واسا مری نے اس مسئلے کے مستقل اور مؤثر حل کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے تیار کردہ خصوصی ڈرین کورز متعارف کرائے ہیں۔واسا حکام کے مطابق نئے ڈرین کورز کو اس انداز میں ڈیزائن کیا گیا ہے کہ وہ سڑک کے ڈھانچے کے ساتھ مضبوطی سے منسلک رہیں گے، جس سے ان کے چوری ہونے یا اپنی جگہ سے ہٹنے کے امکانات نہ ہونے کے برابر رہ جائیں گے۔اس جدید نظام سے نہ صرف شہریوں کی حفاظت یقینی بنائی جا سکے گی بلکہ نکاسی آب کے نظام کی کارکردگی بھی مزید بہتر ہوگی۔حکام کا کہنا ہے کہ ان کورز کی تیاری میں جدید مواد استعمال کیا گیا ہے جبکہ ان کے رنگ اور ٹیکسچر کو خام مال میں ہی شامل کیا گیا ہے، جس کے باعث بار بار رنگ وروغن کی ضرورت کم ہوگی۔اس اقدام سے سرکاری وسائل کی بچت کے ساتھ ساتھ دیکھ بھال کے اخراجات میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔مزید یہ کہ یہ کورز شدید بارش، دھند، برف باری اور دیگر موسمی اثرات کا بہتر انداز میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔واسا مری کے مطابق یہ ڈرین کورز اعلیٰ معیار کی مضبوط دھات سے تیار کیے گئے ہیں جو انتہائی پائیدار ہیں اور انہیں نقصان پہنچانا یا ان کی ساخت کو تبدیل کرنا انتہائی مشکل ہے۔جدید ڈیزائن اور مضبوط تعمیر کی بدولت یہ منصوبہ شہری انفراسٹرکچر میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔شہری حلقوں نے واسا مری کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس سے نہ صرف نکاسی ؟ آب کے مسائل میں کمی آئے گی بلکہ عوامی تحفظ اور شہری سہولیات کے معیار میں بھی بہتری آئے گی۔ماہرین کے مطابق ایسے جدید اور پائیدار منصوبے کسی بھی شہر کی طویل المدتی ترقی اور بہتر شہری نظم ونسق کے لیے ناگزیر ہوتے ہیں۔واسا مری کا کہنا ہے کہ ادارہ صرف موجودہ ضروریات کو پورا کرنے تک محدود نہیں بلکہ مستقبل کی نسلوں کے لیے محفوظ، مضبوط اور جدید انفراسٹرکچر کی بنیاد رکھنے کے لیے بھی عملی اقدامات کر رہا ہے۔عوامی سہولت، وسائل کے مؤثر استعمال اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے ایسے منصوبے ادارے کے عزم اور وژن کی عکاسی کرتے ہیں۔

بقیہ 17
وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر کا اعزازی سیاسی ایڈوائزر برائے برطانیہ مقرر کر دیا گیا ہے۔ان کی تقرری پر سیاسی، سماجی اور کاروباری حلقوں کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے اس موقع پر چوہدری شیراز گجر اور پارٹی رہنماؤں نے اس تقرری کو برطانیہ میں مقیم کشمیری و پاکستانی کمیونٹی کی خدمات کا اعتراف قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ چوہدری شبیر آزاد کشمیر اور اوورسیز کمیونٹی کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے مبارکباد دینے والوں کا کہنا ہے کہ چوہدری شبیر طویل عرصے سے سیاسی اور سماجی میدان میں سرگرم عمل ہیں اور کمیونٹی کے مسائل اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ پارٹی کے فروغ کے لیے بھی نمایاں خدمات انجام دیتے رہے ہیں چوہدری شبیر نے اپنی تقرری پر وزیر اعظم آزاد کشمیر اور پارٹی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس ذمہ داری کو ایک اعزاز سمجھتے ہیں اور اوورسیز کشمیریوں کے مسائل اور تجاویز حکومتی سطح تک پہنچانے کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 18
موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا، ادھر فیروز آباد پولیس اور شاہین فورس نے جیل چورنگی کے قریب فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔اقبال مارکیٹ پولیس نے سیکٹر ساڑھے گیارہ کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، بہادر آباد پولیس نے دوطرفہ فائرنگ کے بعد ایک زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کیا۔جمشید کوارٹر پولیس کا جہانگیر روڈ نمبر دو کے قریب ملزمان سے سامنا ہو گیا، فائرنگ کے تبادلے میں ایک زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، شاہراہ نور جہاں پولیس نے بلاک کیو کٹی پہاڑی کے قریب مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا جبکہ ملزم کا ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا جس کی تلاش جاری ہے۔ایف بی انڈسٹریل ایریا پولیس نے سہراب گوٹھ فلائی اوور بلاک ایکس کے قریب دوطرفہ فائرنگ کے نتیجے میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ملزم کا ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔گرفتار تمام ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، چھینا گیا سامان اور موٹر سائیکلیں برآمد کر کے مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

بقیہ 19
سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری کا رجسٹر چیک کیا اور عملے کی موجودگی کو یقینی بنایا۔اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں مریضوں کے لیے دستیاب مفت ادویات کے اسٹاک کا بھی معائنہ کیا اور ادویات کی فراہمی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ارم شہزادی نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور علاج معالجے کی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور عملے کے رویے کے بارے میں دریافت کیا۔مریضوں نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے اپنے تاثرات سے آگاہ کیا۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ ڈیوٹی کی پابندی کو ہر صورت یقینی بنائیں اور عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 20
وزیر خارجہ عباس عراقچی نے مختلف ممالک کے اعلیٰ حکام سے رابطے کر کے خطے کی تازہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔عباس عراقچی نے پاکستان، فرانس، ترکیہ، قطر، مصر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو کی ہے۔ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق پاکستان کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی شریک تھے، جہاں عباس عراقچی نے خطے کی سیکیورٹی صورت حال اور حالیہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔یہ سفارتی رابطے ایسے وقت میں ہوئے ہیں جب ایران نے کویت اور بحرین میں امریکی اہداف پر ڈرون اور میزائل حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔تہران کے مطابق یہ کارروائیاں امریکی جارحیت کے جواب میں کی گئی ہیں۔

بقیہ 21
جائزہ لینے کے بعد، ڈی جی امیگریشن نے پاسپورٹ سروسز کی ڈیلیوری کو مزید مؤثر، تیز رفتار اور جدید بنانے کے لیے ایک بڑا فیصلہ کیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ اب شہریوں کو تیار شدہ پاسپورٹ حاصل کرنے کے لیے دفاتر آنے کی ضرورت نہیں ہوگی، بلکہ پاسپورٹ سیدھا ان کے گھر کی دہلیز پر پہنچایا جائے گا، پاسپورٹس کی ہوم ڈیلیوری کا یہ نیا، شفاف اور منظم نظام باقاعدہ طور پر یکم جولائی سے کام شروع کر دے گا، اس نئے اقدام کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ شہریوں کو پاسپورٹ دفاتر کے بار بار چکر کاٹنے اور وہاں لگی لمبی لائنوں کی زحمت سے مستقل نجات مل جائے گی۔محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹ کی ترسیل کے ذمہ دار متعلقہ کوریئر کمپنیوں کو سخت وارننگ اور ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ شہریوں کے پاسپورٹس کی بروقت اور محفوظ ہوم ڈیلیوری کو ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ کسی کا قیمتی دستاویز ضائع یا لیٹ نہ ہو، جدید، تیز رفتار اور سب سے بڑھ کر عوام دوست پاسپورٹ سروسز کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سروس ڈیلیوری کے معیار کو انٹرنیشنل لیول پر لانے کے لیے پاسپورٹ خدمات میں مزید بڑی اصلاحات بھی متعارف کرائی جائیں گی۔

بقیہ 22
ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق یہ واردات عیدالاضحیٰ کے روز پیش آئی تھی، جسے باپ بیٹے نے مل کر منظم منصوبہ بندی کے تحت انجام دیا۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو نیو ہالا جنوبی چھاؤنی اور بھٹہ چوک کے علاقوں سے گرفتار کیا۔گرفتار ملزمان کی شناخت جوزف مسیح عرف ساگا اور جمشید ساگا کے ناموں سے ہوئی ہے۔ترجمان کے مطابق ملزمان پوش علاقوں میں واردات کے لیے گوشت مانگنے والوں کا روپ دھار کر گھروں کی ریکی کرتے رہے۔ وہ گھروں کی بیل بجا کر رہائشیوں کی موجودگی یا عدم موجودگی کا جائزہ لیتے تھے، اور جن گھروں سے کوئی جواب نہ ملتا انہیں واردات کے لیے ہدف بنایا جاتا تھا۔واردات کے دوران ملزمان نے ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کا سامان چوری کیا، جس میں طلائی زیورات، گھڑیاں، غیر ملکی کرنسی اور دیگر قیمتی اشیاء شامل ہیں۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں سے جوزف مسیح چوری، ڈکیتی، ناجائز اسلحہ اور نقب زنی سمیت 45 سے زائد وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہے۔دونوں ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش دی ہے۔

بقیہ 23
ٹھٹھے غلام کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں میانوال کے مطلوب ملزم لیاقت ہرل کو پولیس فورس پر فائرنگ کرتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ جس کی گرفتاری کے لئے تھانہ چناب نگر پولیس نے چھاپہ مارا تو اس نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی، جس پر جوابی کارروائی اور فائرنگ کے تبادلہ میں ملزم کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 24
کہ اربوں روپے کے بجٹ کے محتاج ٹراما سینٹر کے فنکشنل ہونے کا انتظار کرنے کے بجائے، اگر موجودہ ہسپتال کو ہی اپ گریڈ کر دیا جائے تو قیمتی انسانی جانوں کو بچایا جا سکتا ہے۔اہلیانِ گوجرخان کا کہنا ہے کہ ٹراما سینٹر کو فعال کرنے کے لیے جس خطیر رقم اور طویل وقت کی ضرورت ہے، وہ شاید موجودہ معاشی حالات میں ممکن نہیں۔ لیکن اگر حکومت موجودہ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ریڈیالوجسٹ، ایکسرے ٹیکنیشن اور نیوروسرجن کی خالی آسامیاں پر کر دے، اور ساتھ آئی سی یو، وینٹی لیٹر اور بچوں کی نرسری جیسی بنیادی سہولیات فراہم کر دی جائیں، تو ٹراما سینٹر کی ضرورت خود بخود ختم ہو جائے گی۔ ہسپتال کے انتظامی ڈھانچے پر تنقید کرتے ہوئے شہریوں نے بتایا کہ 2010 کے بعد سے لیبارٹری کے عملے میں ایک بھی اہلکار کا اضافہ نہیں کیا گیا، جبکہ کام کا بوجھ کئی سو گنا بڑھ چکا ہے۔ ہسپتال کے پاس وسیع وعریض رقبہ موجود ہے، جہاں نئی عمارتوں کی گنجائش بھی ہے، مگر ضرورت صرف منتخب عوامی نمائندوں کے اخلاص اور مخلصانہ کوششوں کی ہے۔ اگر ہمارے نمائندے ایوانوں میں آواز اٹھائیں تو ریفرل کے چکر میں راستے میں دم توڑنے والے مریضوں کے لواحقین کی بددعاؤں سے بچا جا سکتا ہے۔ گوجرخان کے باشعور شہریوں نے وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ گوجرخان کو ضلع بنانے یا ٹراما سینٹر کے بڑے بجٹ جیسے طویل منصوبوں کے بجائے، فوری طور پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے لیے فنڈز جاری کریں۔ ہسپتال میں سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی تعیناتی اور لیب کی جدید کاری سے نہ صرف جی ٹی روڈ کے حادثات میں زخمی ہونے والوں کو فوری طبی امداد ملے گی، بلکہ زچہ و بچہ کو بھی راولپنڈی کے ہسپتالوں کے دھکے نہیں کھانے پڑیں گے۔ اب گیند حکومت اور مقامی سیاستدانوں کے کورٹ میں ہے۔ کیا وہ محض سیاسی نعروں سے عوام کو بہلاتے رہیں گے یا واقعی ہسپتال کی اپ گریڈیشن کر کے گوجرخان کے عوام کے ساتھ اپنی محبت کا ثبوت دیں گے؟ یہ وہ سوال ہے، جس کا جواب گوجرخان کا ہر شہری ڈھونڈ رہا ہے۔

بقیہ 25
ٹریس کر کے گلبرگ کے علاقے سے برآمد کر لیا گیا۔تفصیلات کے مطابق سیف سٹی کیمروں کی فوٹیج کی مدد سے اس گاڑی کو شناخت کیا گیا جو مبینہ طور پر ٹریفک وارڈن کو کچلنے کی کوشش میں استعمال ہوئی تھی۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گاڑی کو گلبرگ سے تحویل میں لے لیا۔ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد ڈرائیور احسن جمشید نے گرفتاری سے قبل عدالت سے عبوری ضمانت حاصل کر لی تھی۔پولیس نے اس واقعے کا مقدمہ تھانہ مزنگ میں درج کیا ہے، جس میں اقدام قتل، سرکاری کام میں مداخلت اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ابتدائی معلومات کے مطابق گاڑی کراچی نمبر پلیٹ کی ہے اور ایک نجی بینک کے نام پر رجسٹرڈ بتائی گئی ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف قانون کے مطابق بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 26
شازیہ رضوان تھیں، جبکہ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا (تمغۂ امتیاز) نے بطور میزبان تقریب کی صدارت کی۔تقریب کے آغاز پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا نے مہمانِ خصوصی شازیہ رضوان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی انتظامیہ، فیکلٹی ممبران، طالبات اور مختلف شعبہ جات کے نمائندگان بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں شازیہ رضوان نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خواتین کی فلاح و بہبود، تعلیم، ہنر مندی اور بااختیار بنانے کے لیے دن رات کام کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت خواتین کو جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔انہوں نے اے آئی لرننگ سینٹر کے قیام کو ایک مثبت اور دوررس اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تربیت اور تحقیق نوجوان خواتین کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گی۔شازیہ رضوان نے یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی ملک میں خواتین کی اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔تقریب کے اختتام پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا کی جانب سے مہمانِ خصوصی شازیہ رضوان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔شرکاء نے اے آئی لرننگ سینٹر کے قیام کو خواتین کی تکنیکی تعلیم اور پیشہ ورانہ ترقی کی جانب ایک اہم سنگِ میل قرار دیا۔

بقیہ 27
کے دوران چیف ٹریفک آفیسر مری نے نیو مری پتریاٹہ بازار میں رانگ پارکنگ کے باعث ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کا نوٹس لیتے ہوئے ڈیوٹی پر مامور ٹریفک وارڈنز کو خصوصی بریفنگ دی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ رانگ پارکنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے اور بازار سمیت تمام اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ان کی ہدایت پر موقع پر رانگ پارک کی گئی گاڑیوں کو ہٹوا کر ٹریفک کی روانی بحال کروائی گئی۔بعد ازاں چیف ٹریفک آفیسر مری نے ٹیوٹا آئی ایس ٹرانسپورٹ اڈے کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مسافروں سے ملاقات کی اور سفری سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔اس دوران ایک مسافر نے زائد کرایہ وصول کیے جانے کی شکایت کی جس پر چیف ٹریفک آفیسر مری نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ٹرانسپورٹر سے زائد وصول شدہ کرایہ مسافر کو موقع پر واپس دلوایا۔چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے کہا کہ سیاحوں اور شہریوں سے زائد کرایہ وصول کرنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے مری میں زائد کرایہ وصولی کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے لیے خصوصی اسکواڈ تشکیل دینے کے احکامات بھی جاری کیے۔ یہ خصوصی اسکواڈ مختلف ٹرانسپورٹ اڈوں، بس اسٹینڈز اور اہم مقامات پر اچانک چیکنگ کرے گا اور زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائے گا۔ چیف ٹریفک آفیسر مری نے ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ کرایہ ناموں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور مسافروں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے شہریوں اور سیاحوں سے اپیل کی کہ زائد کرایہ وصولی یا دیگر سفری شکایات کی صورت میں فوری طور پر سٹی ٹریفک پولیس مری سے رابطہ کریں تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 28
ذوالفقار حیات، جاوید اقبال، یوسف حسین، عامر ابراہیم، خواجہ مسعود اختر اور اعجاز نبی شامل تھے۔وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ پاکستان کے سفیر اور پہچان ہیں، مشکل معاشی حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر کاروباری برادری کے شکر گزار ہیں، حکومت اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری معاشی ترقی کی ضمانت ہے، پاکستان کی معیشت کے حوالے سے پالیسی سازی میں کاروباری برادری سے مشاورت انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔اپنی گفتگو جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا کہ برآمدات پر مبنی ترقیاتی اہداف کی راہ پر گامزن ہیں، یہی ہماری معاشی پالیسی کا محور ہے، غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات شامل کیے جا رہے ہیں، آئندہ بجٹ میں کاروباری برادری کی قابلِ عمل تجاویز کو شامل کیا جائے گا۔شہباز شریف کا مزید کہنا ہے کہ کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت مستحکم اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا، ایسی صنعتوں کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں جن سے ملکی پیداوار بڑھے، برآمدات میں اضافہ ہو ملازمتوں کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں، صنعت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں ترقی سے معیشت کو مزید استحکام اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کریں گے، نوجوانوں کیلئے تکنیکی و فنی تربیت کے پروگرام شروع کیے ہیں تاکہ ان کو روزگار ملنے میں آسانی ہو اور وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔وفد کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ٹیکس مقدمات کی سماعت میں بہتری لانے کے حوالے سے ٹیکس ٹریبونلز میں اصلاحات کی گئی ہیں، ان ٹریبونلز میں انتہائی شفاف طریقہ کار کے ذریعے بھرتیاں کی گئی ہیں، سپیشل کمرشل کورٹس کے قیام کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، کراچی کی بندرگاہوں سے اندرون ملک رسائی بہتر بنانے کے لئے موٹر وے ایم 10 کی اپ گریڈیشن اور پیپری فریٹ کوریڈور پر کام جاری ہے، موٹر وے ایم 13 کھاریاں/راولپنڈی سیکشن کی تعمیر سے لاہور اور اسلام آباد کے درمیان فاصلہ کم ہو جائے گا۔حکام نے وفد کو آگاہ کیا کہ پاکستان ریلوے کی ایم ایل ون اور ایم ایل ٹو کی اپ گریڈیشن سے ریلوے کا انفراسٹرکچر بہتر ہوگا، جس سے تجارتی سامان کی ترسیل بہتر ہوگی، نیشنل اے آئی ٹرانسفارمیشن پلان تشکیل دیا جا رہا ہے، شوگر اور سیمنٹ سیکٹر کی پیداوار کے حوالے سے ان صنعتوں میں وڈیو اینالیٹکس کی تنصیب سے ریونیو کی مد میں بہتری آئی۔اس موقع پر اپنی گفتگو میں وفد کے ارکان نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں اور دستاویزی معیشت کے فروغ کے حکومتی وژن کو سراہتے ہیں، وفد نے ٹیکس اصلاحات اور کاروباری آسانیوں کے فروغ کے اقدامات کا خیر مقدم کیا، کاروباری رہنماؤں نے صنعتوں کیلئے بجلی کے نرخوں میں کمی لانے، ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ لیوی کے خاتمے اور ٹیکس ریفنڈ کی بروقت ادائیگیوں پر وزیراعظم سے اظہار تشکر کیا، شرکاء نے آئندہ بجٹ کی تیاری میں کاروباری برادری کو اعتماد میں لینے کے اقدام کو بھی سراہا۔

بقیہ 29
کے طور پر مانسہرہ، کاغان، ناران، جل کھنڈ اور چلاس کے راستے ایک نئے موٹروے کی تعمیر کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے، یہ منظوری نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ایک اہم اجلاس کے دوران دی گئی، جس میں سیکریٹری مواصلات اور چیئرمین این ایچ اے ریٹائرڈ کیپٹن اسد اللہ خان نے بھی شرکت کی اور جاری و مجوزہ انفراسٹرکچر منصوبوں کا جائزہ لیا۔اجلاس کے دوران حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس نئے منصوبے کا نام مانسہرہ ناران چلاس موٹروے ہوگا، جس کی کل لمبائی 172 کلومیٹر ہوگی، نئی موٹروے قراقرم ہائی وے پر موجودہ سفری فاصلے کو 120 کلومیٹر تک کم کر دے گی، جس سے وقت اور ایندھن کی بھاری بچت ہوگی، اس میگا پراجیکٹ کو دو مختلف فیزز میں تیار کیا جائے گا، پہلا مرحلے کا روٹ مانسہرہ سے شروع ہو کر کاغان، ناران اور بابوسر ٹاپ تک جائے گا جب کہ دوسرے مرحلے میں اس روٹ کو بابوسر ٹاپ سے آگے چلاس تک وسیع کیا جائے گا۔بتایا گیا ہے کہ اس موٹروے منصوبے کے اندر کئی اہم اور جدید خصوصیات شامل کی گئی ہیں، اس پراجیکٹ کا سب سے اہم حصہ 13.5 کلومیٹر طویل بابوسر ٹنل کی تعمیر ہے، جو مکمل ہونے کے بعد پاکستان کی تاریخ کی سب سے طویل ترین سرنگ بن جائے گی، ابتدائی طور پر اس موٹروے کو 4 لینز پر مشتمل بنایا جائے گا، تاہم مستقبل میں اسے 6 لینز تک وسیع کرنے کی گنجائش بھی رکھی جائے گی، مسافروں کی سہولت کے لیے ہر 25 سے 30 کلومیٹر کے فاصلے پر جدید ترین ریسٹ ایریاز بنائے جائیں گے، تجارتی سامان کی نقل وحمل کے لیے روٹ کے دونوں سروں پر فریٹ ٹرمینلز بھی ہوں گے۔وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ موٹروے پاکستان اور چین کے درمیان رابطوں کو مزید مستحکم اور بہترین بنائے گا، یہ نیا راستہ کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں کو مغربی چین سے جوڑنے کے لیے ایک چھوٹا، تیز رفتار اور انتہائی مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا، این ایچ اے کے حکام اس منصوبے کی تمام تکنیکی ضروریات اور پلاننگ کا کام مقررہ وقت کے اندر اندر مکمل کریں۔

بقیہ 30
تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا۔محمد حنیف عباسی نے مختلف شعبوں میں اٹلی کے تعاون کو پاک اٹلی تعلقات کے استحکام میں اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اٹلی کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔انہوں نے عوامی روابط، ثقافتی تبادلوں اور کاروباری شراکت داری کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی مستقبل میں مزید مستحکم ہوگی۔ وفاقی وزیر نے تقریب کے انعقاد کو پاک اٹلی تعلقات کے فروغ کے لیے مثبت پیش رفت قرار دیا۔انہوں نے اٹلی کی سفیر مارلینا آرمیلن کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مثبت اور تعمیری شراکت داری کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور اٹلی کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کوششیں جاری رہیں گی

بقیہ 31
اجلاس میں کیا گیا جس میں صوبہ بھر میں قائم واٹر فلٹریشن پلانٹس کی موجودہ فعالیت اور کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 32
اور کندھ کوٹ میں مٹی کا طوفان آیا ہے۔اسلام آباد، لاہور، جہلم، سرگودھا، گجرات، رحیم یار خان، چنیوٹ سمیت پنجاب کے کئی علاقوں میں بارش ہوئی۔تیز ہوا کے باعث لوئر کرم میں بجلی کی مین لائن کا ٹاور گر گیا، پاراچنار اور اس کے ملحقہ علاقوں اور پاک افغان سرحدی دیہات کی بجلی بند ہو گئی۔

بقیہ 33
طلاق پر ہی ہوتا ہے۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ بہتر شوہر کی تلاش ہی ان مسائل کا حل ہے، جس کیلئے آج کل کی جدید ایپس جیسے 'دل کا رشتہ' جدید الگورتھم کو استعمال کرتے ہوئے یہ کام بہترین انداز میں انجام دے رہی ہیں۔

بقیہ 34
کہ پاکستان تحریکِ انصاف نے گلگت بلتستان کی 78 سالہ تاریخ میں وہاں صرف دو سال یا تقریباً ڈیڑھ سال حکومت کی ہے، جو لوگ پورے پاکستان میں نعرے لگاتے پھر رہے ہیں، کیا ان کا یہ خیال ہے کہ ان ڈیڑھ سالوں میں سارا کچھ جادو کی چھڑی سے ہونا تھا؟ جو کام عمران خان نے گلگت بلتستان میں اپنے دو سالہ دور میں کر دکھائے ہیں، یہ مخالفین اگلے سو سالوں میں بھی وہ کام نہیں کر سکتے۔

بقیہ 35
پر تیزی سے کام کر رہی ہے، ماضی میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں کو بھی تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔

بقیہ 36
جبکہ دوسرے نوجوان طاہر کو تشویشناک حالت میں لاہور ریفر کیا گیا لیکن وہ بھی زخموں کی تاب نہ لا کر جاں بحق ہو گیا۔جاں بحق ہونے والے دونوں نوجوانوں کا تعلق نواحی گاؤں بولا باجوہ سے تھا۔مقامی پولیس نے حادثہ کی تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 37
طرف سے بھی اوپن ڈور پالیسی جاری ہے، اس ضمن میں ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی طرف سے شہریوں کی سہولت کے لیے اوپن ڈور پالیسی پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈپٹی کمشنر نارووال روزانہ کی بنیاد پر مذہبی، سماجی اور صحافتی حلقوں سمیت شہریوں سے براہ راست ملاقات رہے ہیں، اس دوران تمام شہری اپنے مسائل، شکایات اور درخواستیں پیش کرتے ہیں، جس پر ڈپٹی کمشنر نارووال کی جانب سے درخواست گزاران کی شکایات اور مسائل کو موقع پر ہی حل کیا جا رہا ہے، ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس ضمن میں اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام افسران کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ وہ شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے عوام خدمت کے جذبے کے تحت اپنے فرائض سرانجام دیں، ڈپٹی کمشنر نارووال کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ گڈ گورننس وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیح ہے اور عوام کے لئے میرے دفتر کے دروازے کھلے ہیں۔

بقیہ 38
کیا گیا۔اس موقع پر ورلڈ بینک کے تعاون سے صحت کے شعبے میں جاری مختلف پروگراموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے وفد کو صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز، حکومت کے جاری اقدامات اور مستقبل کی ترجیحات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان موجودہ ہیلتھ کیئر سسٹم کو حقیقی معنوں میں ایک موثر اور عوام دوست نظام صحت میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پرائمری ہیلتھ کیئر نظام کو ٹیلی میڈیسن کے ذریعے مضبوط بنایا جا رہا ہے تاکہ دور دراز علاقوں میں بھی معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ بڑے ہسپتالوں پر دباؤ کم کرنے کے لیے ایک مؤثر ریفرل سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ان کی اولین ترجیح لوگوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے اور اسی مقصد کے تحت احتیاطی صحت کے اقدامات پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ 2030 سے قبل پاکستان میں مقامی سطح پر ویکسین کی پیداوار ناگزیر ہے اور اس حوالے سے اہم پیش رفت ہو چکی ہے۔وفاقی وزیر صحت نے بتایا کہ تیرہ مختلف بیماریوں کی ویکسین کی مقامی تیاری کے لیے انڈونیشیا کے ساتھ معاہدوں پر پیش رفت جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک جامع قومی ویکسین پالیسی تشکیل دی گئی ہے، جو ملک میں ویکسین کی تیاری اور دستیابی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ورلڈ بینک کے وفد نے وفاقی وزیر صحت کے وژن اور صحت کے شعبے میں جاری اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے پاکستان کے صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔اس موقع پر ممتا موری نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو دسمبر 2026 میں منعقد ہونے والے یونیورسل ہیلتھ کوریج فورم میں شرکت کی دعوت بھی دی۔انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک پاکستان کے صحت کے نظام کو مضبوط بنانے، بنیادی صحت کی سہولیات کے فروغ اور عوامی صحت کے شعبے میں تعاون جاری رکھے گا۔

بقیہ 39
یگ موومنٹ سے الحاق کیا تو اُس کو بھی کینسل کر دیا گیا اور ہمارے اُمیدواروں کو آزاد ڈیکلیئر کر دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام فیصلہ کر چکے ہیں، 7 جون کو تحریک انصاف کامیاب ہو گی، ہم اپنے ووٹ کو محفوظ بنانے کے میکنیزم پر کام کر رہے ہیں۔پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ فارم 47 کی ایک اور واردات کی تیاری کی جارہی ہے وہ ہم کرنے نہیں دیں گے۔اس کے خلاف ہمیں اگر گلگت بلتستان بند کرنا پڑا تو یہ بھی کریں گے۔

بقیہ 40
علما و مشائخ سے امن وامان رواداری اتحاد اور ہم آہنگی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اپنا مسلک چھوڑو نہ، کسی کے مسلک کو چھیڑو نہ کے سنہری اصول پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں برداشت، رواداری، ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 41
لسٹ سے نکالنے کا حکم دے دیا۔فیصلے میں کہا گیا کہ سفری پابندی کے لیے کسی جرم، سیکیورٹی خدشے یا ناقابل تردید ثبوت کا وجود ضروری ہے، بغیر جرم شہری کے بیرون ملک سفر اور روزگار کے آئینی حق پر پابندی لگانے کا جواز نہیں۔عدالت نے کہا کہ سفری پابندی کا اقدام آئین کے آرٹیکل 4، 9، 10-A، 15، 18 اور 25 کی خلاف ورزی ہے۔شہری کا نام اس طرح سفری پابندی لسٹ میں رکھنا آئین کے بنیادی حقوق اور قانونی تقاضوں کی خلاف ورزی ہے۔عدالت کے مطابق وفاقی حکومت نے بتایا کہ خلیجی ملک میں اوور اسٹے کی وجہ سے شہری ڈی پورٹ ہوا، وفاقی حکومت کا موقف ہے پالیسی کی تحت شہری کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالا گیا، وفاقی حکومت کے مطابق دوسرے شہریوں کے ویزوں کے تحفظ اور ملک کے وقار کے لیے یہ قدم اٹھایا گیا۔

بقیہ 42
پر زور دیں گے۔ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 80 فیصد بیماریوں کا تعلق آلودہ پانی کے استعمال سے ہے جبکہ ماحولیاتی آلودگی کی سب سے بڑی وجہ بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔

بقیہ 43
آرمیلن سے غیر رسمی ملاقات کے دوران کہی۔سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹ اور پاکستانی عوام کی جانب سے اٹلی کی حکومت اور عوام کو قومی دن کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اٹلی کو پاکستان کا قابلِ اعتماد دوست قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان دوطرفہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوئے ہیں اور مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے پارلیمانی سفارتکاری، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے پاکستان کے جی ایس پی پلس سٹیٹس کے حوالے سے اٹلی کی حمایت کو سراہا۔انہوں نے صحت، تعلیم اور صفائی کے شعبوں میں اٹلی کے ترقیاتی تعاون کو بھی قابل قدر قرار دیا۔چیئرمین سینیٹ نے اٹلی کی سفیر ماریلینا آرمیلن کی پاکستان اور اٹلی کے درمیان تعلقات کے فروغ کے لیے خدمات کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور تعاون آئندہ برسوں میں مزید وسعت اختیار کرے گا۔تقریب میں چیئرمین سینیٹ نے یادگاری کیک بھی کاٹا اور اٹلی کی حکومت اور عوام کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔

بقیہ 44
نہیں روک رہا۔رانا ثناء نے کہا کہ اگر بیرسٹر گوہر خان اجازت لیکر جاسکتے ہیں تو سلمان اکرم راجا کو بھی ایسا ہی کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں پی ٹی آئی کا کوئی اُمیدوار مقابلے میں ہے ہی نہیں، وہاں صاف، شفاف اور کریڈیبل انتخابات ہونگے۔

بقیہ 45
کس دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اگر کوئی پاکستانی شہری کسی دوسرے ملک میں محض اپنے ویزے کی مدت ختم ہونے یعنی اوور سٹے کی وجہ سے پاکستان واپس ڈی پورٹ کیا جاتا ہے، تو اس کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنا سراسر قانون کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 46
پر زور دیا۔اس موقع پر گلگت بلتستان میں پارٹی کی انتخابی حکمتِ عملی، عوامی مسائل کے حل اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 47
کرنا، افسران واہلکاروں کی حوصلہ افزائی اور ان کے مسائل وشکایات کے ازالے کو یقینی بنانا تھا۔

بقیہ 48
اب پنجاب کی حدود سے نکل کر دیگر علاقوں تک بھی پہنچ رہی ہیں جس سے دور دراز علاقوں کے شہریوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولتیں میسر آئیں گی۔ا

بقیہ 49
تعداد میں شرکت کی۔یہ کتاب پاک فوج کی بہترین منصوبہ بندی اور کامیاب فوجی کارروائی پر مبنی ہے، جسے سرمد ضیاء نے لکھا، کتاب میں صومالیہ کے شہر موغادیشو میں ہونے والے پاک فوج کے ایک اہم اور تاریخی فوجی آپریشن کو بیان کیا گیا ہے۔پاکستانی فوج نے 1993 میں صومالیہ میں پھنسے امریکی رینجرز کو کامیابی سے بچایا تھا، کتاب میں تاریخی معلومات کے ساتھ آپریشن میں حصہ لینے والے پاکستانی غازیوں کے انٹرویوز بھی شامل ہیں۔کتاب ''ریسکیو نگ دی یو ایس رینجرز'' میں اس تاریخی آپریشن کے حالات، مشکلات اور کامیابی کو بیان کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ تقریب میں آپریشن میں حصہ لینے والے پاک فوج کے بہادر غازیوں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 50
کو وسیع کیا جائے، ترقیاتی اخراجات بڑھائے جائیں اور صنعتوں پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے سے گریز کیا جائے تاکہ معاشی استحکام، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع میں اضافہ ممکن ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ مہنگی توانائی، بھاری ٹیکسوں، مہنگائی اور کاروباری لاگت میں مسلسل اضافے کے باعث صنعت وتجارت شدید دباؤ کا شکار ہے اس لیے نئے مالی سال میں صنعتوں پر مزید بوجھ ڈالنے سے گریز کیا جائے۔ یپاف کے عہدیداروں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ حکومت موجودہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ بڑھانے کے بجائے نئے شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرے اور معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے لیے عملی اقدامات کرے۔

بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات شامل کیے جارہے ہیں، وزیراعظم

آئندہ بجٹ میں کاروباری برادری کی قابلِ عمل تجاویز کو شامل کیا جائے گا

برآمدات پرمبنی ترقیاتی اہداف کی راہ پر گامزن ہیں، یہی ہماری معاشی پالیسی کا محور ہے؛ کاروباری وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این ای این) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملک کے معروف صنعتکاروں اور ممتاز کاروباری شخصیات کے وفد کی ملاقات ہوئی، یہ ملاقات ملک کی مجموعی معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے اور مالی سال 2026/2027ء کے بجٹ کے حوالےسے کاروباری برادری سے مشاورت کے تناظر میں تھی۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وفد میں میاں محمد منشاء، عارف حبیب، عاطف باجوہ، محمد علی تبہ، مصدق ذوالقرنین، زیاد بشیر، شہزاد سلیم، زیلف منیر، عمر سعید، عمر منشاء، یوسف سعید، کامران ارشد، خرم مختار، آصف پیر، سلطان گوہر اعجاز، فواد انور، (بقیہ نمبر 28)

قراقرم ہائی وے کے متبادل 172 کلومیٹر طویل نئے موٹروے منصوبے کی منظوری

مانسہرہ سے چلاس تک کا فاصلہ 120 کلومیٹر کم ہو جائے گا

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی حکومت نے قراقرم ہائی وے کے متبادل کے طور پر نئے موٹروے منصوبے کی باقاعدہ منظوری دے دی، جس سے نا صرف سفری فاصلے میں نمایاں کمی آئے گی بلکہ پاکستان اور چین کے مابین تجارتی رابطوں کو بھی ایک نئی تیزی ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے قراقرم ہائی وے کے متبادل (بقیہ نمبر 29)

صوبائی دارالحکومت (میٹروپولس) میں پڑنے والی شدید گرمی کا زور توڑنے کے لیے نوجوان واٹر پارک میں نہانے اور ڈبکیاں لگانے کا لطف اٹھا رہے ہیں۔

سندھ، پنجاب اور کے پی کے مختلف شہروں میں بارش اور مٹی کا طوفان

متعدد علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر، خیبرپختونخوا میں مختلف حادثات میں 20 سے زائد افراد زخمی

لاہور (یواین پی) سندھ، پنجاب اور خیبرپختونخوا کے مختلف شہروں میں تیز ہوائیں، طوفان اور بارش ہوئی ہے جس سے متعدد علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر ہوگئی۔ خیبرپختونخوا میں مختلف حادثات میں 20 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ سندھ کے علاقے تھرپارکر میں بارش، سکھر میں ژالہ باری، لاڑکانہ، حیدرآباد، ٹیاری، ہالہ، نیو سعیدآباد، شکارپور (بقیہ نمبر 32)

عمران خان نے گلگت بلتستان میں 2 سال میں جو کیا، یہ لوگ 100 سال میں بھی نہیں کرسکتے

سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ڈیمز کی زمین سمیت پی ٹی آئی کے بڑے کام بھی بتادیے

پشاور (یواین پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور مشیر خزانہ خیبرپختونخواہ مزمل اسلم نے مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کے سکردو جلسے میں کیے گئے دعوؤں اور تنقید کا جواب دے دیا، انہوں نے گلگت بلتستان میں پی ٹی آئی کے مختصر دور حکومت کے بڑے کارنامے گنواتے ہوئے مخالفین کو چیلنج بھی کیا ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 34)

وزیر ریلوے کی اٹلی کے 80ویں یوم جمہوریہ کی تقریب میں شرکت

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے اٹلی کے 80ویں یوم جمہوریہ کی تقریب میں شرکت کی اور اٹلی کی حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کی۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام اور تعاون کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان (بقیہ نمبر 30)

واٹرفلٹریشن پلانٹس کی کڑی نگرانی کا فیصلہ

لاہور (یواین پی) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی موثر نگرانی اور شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعدد اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلے میں پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور شکایات کے فوری ازالے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ یہ فیصلہ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کی زیر صدارت پنجاب صاف پانی اتھارٹی کی کارکردگی کے جائزہ (بقیہ نمبر 31)

47 فیصد پاکستانی خواتین گھریلو تشدد کا سامنا کرتی ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (یواین پی) 47 فیصد پاکستانی خواتین گھریلو تشدد کا سامنا کرتی ہیں۔ نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق پاکستان میں خواتین کی بڑی تعداد گھریلو تشدد کا شکار ہوتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 47 فیصد پاکستانی خواتین گھریلو تشدد کا سامنا کرتی ہیں اور یہ سلسلہ شادی کے بعد بھی چلتا رہتا ہے جس کا اکثر خاتمہ (بقیہ نمبر 33)

۔ گرمیوں کے موسم میں گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے لطیف آباد میں ایک دکاندار بچوں کے لیے ہوا سے بھرنے والے واٹر پولز (Inflatable water pools) نمائش کے لیے سجا رہا ہے۔

گلگت بلتستان میں ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ ن کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں

وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے

تاریخی منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے، ماضی میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں کو بھی تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت، ترقیاتی وژن اور عملی کارکردگی کا واضح ثبوت ہیں، وفاقی حکومت وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے تاریخی منصوبوں (بقیہ نمبر 35)

ناروال، ٹریفک کے المناک حادثہ میں موٹرسائیکل سوار دو نوجوان جاں بحق

جاں بحق ہونے والے دونوں نوجوانوں کا تعلق نواحی گاؤں بولا باجوہ سے تھا

ناروال (یواین پی) ناروال، ٹریفک کے المناک حادثہ میں موٹر سائیکل سوار دو نوجوان جاں بحق، ناروال ظفروال روڈ پر ٹریفک کے المناک حادثہ میں موٹر سائیکل سوار دو نوجوان جاں بحق ہو گئے، حادثہ رات اس وقت پیش آیا جب دونوں نوجوان فیضان مدینہ کے قریب موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ مبینہ طور پر مخالف سمت سے آنے والے تیز رفتار گاڑی کی ٹکر لگنے سے زخمی ہو گئے ان میں سے عدیل نامی نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا (بقیہ نمبر 36)

۔ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور سڑکوں کی حفاظت کے قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ملک گیر (شہر بھر میں) مہم کے دوران ٹریفک پولیس وارڈنز لفٹرز کی مدد سے غلط پارک کی گئی گاڑیوں کو ہٹا رہے ہیں۔

وزیر صحت سے ورلڈ بینک گروپ کی نائب صدر برائے پیپلز وائس ممتا مورتی کی ملاقات

ہیلتھ کیئر سسٹم کو حقیقی معنوں میں موثر نظام صحت میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے، وزیر صحت

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے ورلڈ بینک گروپ کی نائب صدر برائے پیپلز وائس ممتا مورتی نے ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وفد میں ورلڈ بینک کے سینئر حکام، پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر، علاقائی نمائندگان اور صحت کے شعبے کے ماہرین شامل تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے صحت کے نظام کو درپیش چیلنجز، ان کے موثر حل، بنیادی صحت کی سہولیات، ماں اور بچے کی صحت کے فروغ، غذائی کمی اور بچوں میں نشوونما کی رکاوٹ (اسٹنٹنگ) پر قابو پانے کے لیے جاری اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ نمبر 38)

پی ٹی آئی کے علاوہ سب کو انتخابی مہم کی اجازت ہے، شفیع جان

ہمارا کوئی وزیر وہاں ہوتا تو الیکشن کمیشن حرکت میں آچکا ہوتا

پشاور (یواین پی) تحریک انصاف کے رہنما شفیع جان نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں پی ٹی آئی کے علاوہ باقی تمام جماعتوں کو انتخابی مہم چلانے کی اجازت ہے، نواز شریف اور بلاول بھٹو زرداری بھی کیمپین کر رہے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر تحریک انصاف کا کوئی وزیر وہاں ہوتا تو الیکشن کمیشن حرکت میں آچکا ہوتا، الیکشن کمیشن کی یہ خاموشی ہمیں سمجھ نہیں آرہی۔ شفیع جان نے کہا کہ پی ٹی آئی نے گلگت بلتستان ڈیموکر (بقیہ نمبر 39)

نارووال میں اوپن ڈور پالیسی پر مکمل عملدرآمد جاری

نارووال (یواین پی) نارووال میں اوپن ڈور پالیسی پر مکمل عملدرآمد جاری، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن گڈ گورننس اور عوامی خدمت کے اقدامات کے حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر ڈپٹی کمشنر نارووال کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ کمشنرز کی (بقیہ نمبر 37)

پاکستان میں متعین چینی سفیر عزت مآب جیانگ زیڈونگ نے اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

نواز شریف این او سی لے کر گلگت بلتستان گئے، رانا ثناء اللہ

چیئرمین گوہر خان گلگت بلتستان میں جلسے کر رہے ہیں

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نواز شریف گلگت بلتستان کے الیکشن کمیشن سے این او سی لیکر وہاں گئے تھے، کوئی حکومتی وزیر گلگت بلتستان نہیں گیا نہ کسی نے وہاں مہم چلائی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین گوہر خان گلگت بلتستان میں جلسے کررہے ہیں، میٹنگز کر رہے ہیں انہیں تو کوئی (بقیہ نمبر 44)

چیئرمین سینیٹ سے اٹالین سفیر کی غیر رسمی ملاقات

مشترکہ مفادات اور علاقائی و عالمی امور میں تعاون پر استوار ہیں، گیلانی

اسلام آباد (یواین پی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اٹلی کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور علاقائی و عالمی امور میں تعاون پر استوار ہیں۔ یہ بات انہوں نے اٹلی کے 80ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب کے دوران پاکستان میں اٹلی کی سفیر مس ماریلینا (بقیہ نمبر 43)

۔ موسمی کاشت کاری کی سرگرمیوں میں تیزی آنے کے ساتھ ہی کسان پانی سے بھرے کھیتوں میں چاول (دھان) کی پنیری لگانے میں مصروف ہیں۔

ماحولیات کے تحفظ کا عالمی دن (کل) منایا جائیگا

اس دن کے منانے کا مقصد ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور شجرکاری کے متعلق عوامی شعور پیدا کرنا

ملک بھر میں محکمہ ماحولیات اور سماجی تنظیموں کے زیراہتمام ریلیاں نکالی جائینگی

ماحول کی بہتری کیلئے زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی اہمیت پر زور دیں گے

لاہور (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماحولیات کے تحفظ کا عالمی دن (کل) 5 جون کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور شجرکاری کے متعلق عوامی شعور پیدا کرنا ہے، اس دن کے حوالے سے ملک بھر کے بڑے بڑے شہروں اور قصبات میں محکمہ ماحولیات اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام ریلیاں، واکس، مذاکرے اور سیمینارز منعقد ہوں گے جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین ماحول کو آلودگی سے بچانے اور ماحول کی بہتری کیلئے زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی اہمیت (بقیہ نمبر 42)

بیرون ملک سفری پابندیوں کے کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ

صرف اوور اسٹے پر دوسرے ملک سے ڈی پورٹ ہونا سفری پابندی کا جواز نہیں

اسلام آباد (یواین پی) بیرون ملک سفری پابندیوں سے متعلق اسلام آباد ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ سامنے آگیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ صرف اوور اسٹے پر دوسرے ملک سے ڈی پورٹ ہونا سفری پابندی کا جواز نہیں، جسٹس محمد آصف نے چار صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے دوسرے ملک سے اوور اسٹے پر ڈی پورٹ ہونے پر پی سی ایل میں نام ڈالنے کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے شہری کا نام پاسپورٹ کنٹرول (بقیہ نمبر 41)

صوبائی دارالحکومت میں سڑک کنارے لگے ایک اسٹال پر گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے ایک دکاندار روایتی دال سویاں اور پکوڑے (دال پورا) سجا رہا ہے۔

سیدنا امام حسینؓ پوری امت مسلمہ کا مشترکہ سرمایہ ہیں، مولانا مختار احمد ندیم

محرم الحرام کے ایام میں جلوسوں اور مجالس کے لیے وضع کردہ

سرگودھا (یواین پی) اتحاد بین المسلمین کمیٹی کے چیئرمین صوبائی خطیب محکمہ اوقاف مولانا مختار احمد ندیم نے کہا کہ محرم الحرام عظمتوں، برکتوں اور قربانیوں کا مہینہ ہے جس کے شہید سیدنا امام حسینؓ پوری امت مسلمہ کا مشترکہ سرمایہ ہیں۔ ان کی عظیم قربانی نے اسلام کی حقیقی اقدار کو ہمیشہ کیلئے زندہ کیا۔ زرائع کے مطابق چیئرمین اتحاد بین المسلمین وصوبائی خطیب اوقاف و مذہبی امور مولانا مختار احمد ندیم نے ڈاکٹر مفتی کریم خان، مولانا محمد ارشد عابدی، مفتی مسعود الرحمان، مولانا ندیم شمس، مولانا نصراللہ خان، مفتی محمد شرافت، مولانا محمد جواد مخلصی، مفتی عطاالمصطفی اور علامہ سکندر حیات کے ہمراہ سرگودھا آمد پر ڈویژن بھر کے (بقیہ نمبر 40)

ویزہ اوور سٹے پر ڈی پورٹ ہونے والوں کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنا غیر قانونی قرار

محض ویزہ اوور سٹے کی بنیاد پر بیرونِ ملک سے ڈی پورٹ ہونا کسی بھی شہری کے بیرونِ ملک سفر کرنے

اور وہاں روزگار حاصل کرنے کے آئینی حق پر پابندی لگانے کا جواز ہرگز نہیں بن سکتا؛ اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بیرونِ ملک سے صرف ویزہ اوور سٹے یعنی ویزہ کی مقررہ مدت سے زائد قیام کی بنیاد پر ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانی شہریوں کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے ان کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنے کے حکومتی عمل کو غیر قانونی قرار دے دیا۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایک کیس کی سماعت کے دوران ریمار (بقیہ نمبر 44)

پاکستان میں متعین چینی سفیر عزت مآب جیانگ زیڈونگ نے اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

امیر مقام سے ملاقات، علاقے کی انتخابی صورتحال پر مشاورت

گلگت (یواین پی) وزیراعظم کے مشیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان اور ریاستی وسرحدی امور شبیر احمد عثمانی نے گلگت میں وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام سے ملاقات کی جس دوران جی بی میں جاری انتخابی سرگرمیوں، سیاسی صورتحال، تنظیمی معاملات اور عوامی رابطہ مہم سے متعلق امور بارے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے انتخابی عمل کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے سیاسی کارکنوں اور مقامی قیادت کے ساتھ روابط کو مزید موثر اور مضبوط بنانے کی ضرورت (بقیہ نمبر 46)

پنجاب حکومت کا گلگت بلتستان کیلئے 6 کلینک آن ویلز کا تحفہ

ضروری ادویات سے لیس 6 کلینک آن ویلز گلگت بلتستان کیلئے روانہ

لاہور (یواین پی) پنجاب حکومت نے صحت کی سہولیات کا دائرہ کار صوبائی حدود سے باہر بڑھاتے ہوئے 6 کلینک آن ویلز گلگت بلتستان کیلئے بطور تحفہ روانہ کر دیئے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے ضروری ادویات سے لیس 6 کلینک آن ویلز گلگت بلتستان کیلئے روانہ کیے۔ اس موقع پر خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ عوامی صحت کی سہولیات (بقیہ نمبر 48)

پولیس فورس عوام کے تحفظ کی پہلی صف میں کھڑی ہے، آر پی او ساہیوال

حجرہ شاہ مقیم (یواین پی) ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال محمد ایاز سلیم نے اوکاڑہ پولیس کے افسران اور جوانوں سے اجلاسِ عام میں خطاب کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کے مؤثر کنٹرول اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے مزید محنت، دیانتداری اور جذبے کے ساتھ فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ اجلاس کا مقصد پولیس فورس کے مورال کو بلند (بقیہ نمبر 47)

پاک فوج کی لکھی گئی کتاب ''ریسکیونگ دی یو ایس رینجرز'' لوگوں کے سامنے پیش

کتاب میں صومالیہ کے شہر موغادیشو میں ہونے والے پاک فوج کے ایک اہم اور تاریخی فوجی

راولپنڈی (یواین پی) پاک فوج کی تاریخ پر لکھی گئی کتاب ''ریسکیونگ دی یو ایس رینجرز'' کو لوگوں کے سامنے پیش کر دیا گیا۔ کتاب ''ریسکیونگ دی یو ایس رینجرز'' کو آرمی انسٹیٹیوٹ آف ملٹری ہسٹری میں پہلی بار لوگوں کے سامنے لایا گیا، اس تقریب میں پاک فوج کے غازیوں، اساتذہ، معروف شخصیات اور عام لوگوں نے بڑی (بقیہ نمبر 49)

آئندہ بجٹ میں ٹیکسوں، پٹرولیم لیوی میں کمی کی جائے، پیاف

غیر حقیقی ٹیکس اہداف، بڑھتی کاروباری لاگت معیشت کو مزید دباؤ میں ڈال سکتی ہے؛ بانی میاں شفقت علی

بجٹ کو کاروبار دوست، متوازن، ٹیکس نیٹ وسیع کیا جائے؛ چیئرمین محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی

لاہور (یواین پی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے بانی میاں شفقت علی، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن اور چیئرمین ایسوسی ایٹ کلاس فرخ احسان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں آئندہ بجٹ میں کاروباری طبقے، صنعتوں اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے ٹیکسوں اور پٹرولیم لیوی میں کمی کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ غیر حقیقی ٹیکس اہداف اور بڑھتی ہوئی کاروباری لاگت معیشت کو مزید دباؤ میں ڈال سکتی ہے، بجٹ کو کاروبار دوست اور متوازن بنایا جائے، ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے، ترقیاتی اخراجات بڑھائے جائیں (بقیہ نمبر 50)

شہر میں شہری بنیادی ڈھانچے (Civic Infrastructure) کو بہتر بنانے کے لیے جاری ترقیاتی منصوبے کے تحت چنگی نمبر 9 پر مزدور سیوریج ڈسپوزل سسٹم کی تعمیر میں مصروف ہیں۔

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035